★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعۃ المبارک 3 صفر المظفر 1445ھ 09 اگست 2024ء ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 299

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

غریب کو مہنگائی مہنگی بجلی فوری آزاد نہیں کرا سکتے

شہباز شریف

ملک میں منافرت، تقسیم در تقسیم کی سیاست ہو رہی ہے، سپر سالاری انتہائی پُر جوش، ایمان افروز تقریر کے بعد کسی ابہام کی ضرورت نہیں، حکومت، ادارے، سپر سالار ایک جان، دو قالب کی طرح یکسو ہیں، بدقسمتی سے ہم وہ مقام حاصل نہ کر سکے جو حاصل کرنا چاہیے تھا

آج بھی کمر کس لیں تو پاکستان کو اقوام عالم میں عظیم مقام دلا سکتے ہیں، پاکستان کو جتنی آج قومی یکجہتی کی ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی، بہتر تعاون حکومت اور آئینی اداروں کے درمیان آج سے پہلے کبھی نہیں دیکھا، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ غریب آدمی مہنگائی میں پس گیا ہے غریب کو مہنگائی اور مہنگی بجلی سے فوری آزاد کیا جائے گا، غریب کو مہنگائی اور مہنگی بجلی سے فوری آزاد نہیں کرا سکتے، ملک میں منافرت، تقسیم در تقسیم کی سیاست ہو رہی ہے، سپر سالار کی انتہائی پُر جوش، ایمان افروز تقریر کے بعد کسی ابہام کی ضرورت نہیں، حکومت، ادارے، سپر سالار ایک جان، دو قالب کی طرح یکسو ہیں، بدقسمتی سے ہم وہ مقام

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 1



اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے میزبان بینک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

آئندہ مالی سال مہنگائی کی شرح 5 سے 7 فیصد تک لائیں گے، گورنر سٹیٹ بینک

کمیٹی خزانہ کا اجلاس سینیٹر گوہر قمری زیر صدارت ہوا جس میں گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے بریفنگ

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 2

پاکستان اور بنگلادیش کا موازنہ کرنے والے ملک دشمن ہیں، مصدق ملک

عوام کے ذہنوں میں اختشار اور نفرت بھرنا چاہتا ہے، پاکستان کو بنگلادیش بنانے کی باتیں کی جا رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلادیش کا موازنہ کرنے والے ملک دشمن ہیں، عوام کے ذہنوں میں اختشار اور نفرت بھرنا چاہتا ہے، پاکستان کو بنگلادیش بنانے کی باتیں کی جا رہی ہیں

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 3

میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کا 66 واں یوم شہادت نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

تینوں مسلح افواج کے سربراہوں کا بھی خراج عقیدت پیش، یوم شہادت افواج پاکستان کی بے لوث خدمات اور غیر معمولی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، آئی ایس پی آر

بدر بیوائے (این این آئی) پاکستان کی سلامتی پر اپنی جان کی قربانی ادا کرنے والے دھرتی کے سپوت اور دوسرا نشان حیدر اپنے نام کرنے والے میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کا 66 واں یوم شہادت نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے، پاک فوج کی جانب سے انہیں بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا، پاک سرزمین کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کو حاصل کرنے والے میجر طفیل محمد شہید شہید نشان حیدر

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 4

رب کی قسم پاکستان میں انتشار کی کوشش کرنیوالوں کے آگے کھڑے ہو جائیں گے، چیف آف آرمی سٹاف

جو شریعت اور آئین کو نہیں مانتے ہم انہیں پاکستانی نہیں مانتے، پاکستان نے 40 سال سے زیادہ عرصے تک لاکھوں افغانیوں کی مہمان نوازی کی ہے، ہم انہیں سمجھاتے ہیں کہ فتنہ خوارج کی خاطر اپنے ہمسایہ، برادر اسلامی ملک اور دیرینہ دوست سے قطعاً فتنہ نہ کریں۔

دہشت گردی کی جنگ میں ہمارے پختون بھائیوں اور غیر پختون نخوا کے عوام نے بہت قربانیاں دی ہیں اور ہم اُن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کے ساتھ کھڑے ہیں، خوارج ایک بہت بڑا فتنہ ہیں

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ دین میں جبر نہیں ہے، جرائم پیشہ اور سمگلر مافیا دہشت گردی کی پشت پناہی کر رہے ہیں، سوشل میڈیا کے ذریعے انتشار پھیلایا جاتا ہے، کسی کی ہمت نہیں جو رسول پاکؐ کی شان میں گستاخی کر سکے

جزیہ کہتے تھے کہ، ہم نے دو قومی نظریے کو خلیج بنگال میں ڈبو دیا ہے، وہ آج کہاں ہیں؟ کشمیر تقسیم پاک و ہند کا ایک نامکمل ایجنڈا ہے، فلسطین سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہم نے اپنی حفاظت خود کرنی ہے اور پاکستان کو مضبوط بنانا ہے، بیشل علما کنونشن سے تاریخی خطاب

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ کسی نے پاکستان میں انتشار کی کوشش کی تو رب کریم کی قسم ہم اس کے آگے کھڑے ہوں گے، دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی کیونکہ یہ ملک قائم رہنے کے لیے بنا ہے، وزیر اعظم نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کو تمغہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بیشل علما کنونشن سے تاریخی خطاب کیا، اپنے خطاب میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ اللہ کے نزدیک سب سے بڑا جرم فسادی الارض ہے، یہ گاڈ فورسز کا حکم ہے

باقی صفحہ نمبر 7



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف بیشل علما کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں



اسلام آباد آرمی چیف جنرل عاصم منیر بیشل علما کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

صدر مملکت آصف علی زرداری نے الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2024ء پر دستخط کر دیئے

گزٹ نوٹیفکیشن کے لیے بل سینیٹ سیکریٹریٹ بھجوا دیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے الیکشن ایکٹ ترمیمی بل 2024ء پر دستخط کر دیئے، ذرائع کے مطابق گزٹ نوٹیفکیشن کے لیے بل سینیٹ سیکریٹریٹ بھجوا دیا گیا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 6

صدر مملکت سے مسجد نبوی ﷺ کے امام ڈاکٹر صلاح بن محمد کی ملاقات

سعودی عرب قریبی دوست، پاکستان ہمیشہ ساتھ کھڑا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری سے مسجد نبوی ﷺ کے امام ڈاکٹر صلاح بن محمد البدیر نے ملاقات کی، ملاقات میں دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، صدر آصف علی زرداری نے ان خیالات کا اظہار مسجد نبوی ﷺ کے امام ڈاکٹر صلاح بن محمد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

باقی صفحہ نمبر 8

انجینئر امیر مقام سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی ملاقات

فغان مہاجرین کی بہبود، بحالی، دوطرفہ تعاون بارے امور پر تبادلہ خیال

عالمی برادری دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کرے، وفاقی وزیر سرحدی امور

دیگر عالمی شراکت داروں کی مدد کی ضرورت ہے، تصفیات کے مطابق سرحدی امور انجینئر امیر مقام نے سفارتی برادری پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کرے، افغان مہاجرین کی واپسی میں امریکہ و

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سرحدی امور انجینئر امیر مقام نے سفارتی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کرے، افغان مہاجرین کی واپسی میں امریکہ و بلوم نے ملاقات کی جس میں افغان مہاجرین کی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 9



اسلام آباد وزیر اعظم شہباز شریف بیشل علما کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

فتنہ فساد کا پوری طاقت کے ساتھ مقابلہ کریں گے، رانا ثناء اللہ

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کا اتحاد چل رہا اور چلے گا، گورنر غیبت پختونخوا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کے لیے لوگ موجود ہیں ان کے اپنے لوگ موجود

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 13

اچھے دن نظر نہیں آرہے، دو ڈھائی ماہ میں کچھ بھی ہو سکتا ہے، منظور وسان

بیانات ان لوگوں کی بھیجے گئے تحریریں ہی بتا سکتے ہیں، خوشی کی بات ہے ملاقات اچھے ماحول میں ہوئی

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے پیپلز پارٹی کی ہے کہ ملک میں دو ہی حکومتی ماڈل ہے

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 12

14 اگست کے بعد نواز شریف فارم میں نظر آئیں گے، عابد شیر علی

بانی پی ٹی آئی شیخ مجیب کو بھتا خور کہتا تھا ہر بار جب اس کے مجھے توڑے بارے میں فیصل آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما عابد شیر علی نے کہا ہے کہ 14 اگست کے بعد نواز

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 11

14 اگست کے بعد نواز شریف فارم میں نظر آئیں گے، عابد شیر علی

بانی پی ٹی آئی شیخ مجیب کو بھتا خور کہتا تھا ہر بار جب اس کے مجھے توڑے بارے میں فیصل آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما عابد شیر علی نے کہا ہے کہ 14 اگست کے بعد نواز

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 11

عمران خان نے پاکستان کی معیشت برباد کردی، جاوید لطیف

ہم آج روٹی کھانے کیلئے ترس رہے ہیں، کیا تم اس پر معافی مانگو گے؟ کیا آپ کی معافی سے مجھے روزگار اور دو وقت کی روٹی مل جائے گی؟

اگر بانی پی ٹی آئی کو آئین وقانون کے مطابق سزا نہ دی تو ایسا راستہ چھوڑ تا قوم معاف نہیں کرے گی، سینئر رہنما مسلم لیگ (ن)



اسلام آباد وفاقی وزیر مذہبی امور و چیئرمی سالک حسین سمجھوتی کے امام مسجد نبوی ﷺ کا استقبال کر رہے ہیں

8 اگست تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے: حامد خان

2017ء میں نظر ثانی درخواست داخل کی تھی جس کی تاریخ آج تک نہیں لگی

اسلام آباد (این این آئی) سینئر قانون دان حامد خان نے کہا ہے کہ 8 اگست تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے، سانحہ 8 اگست کے شہداء کی یاد میں بانی کورٹ کی عمارت میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا، حامد خان نے تعزیتی ریفرنس

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 15

بانی پی ٹی آئی ملک وقوم کی خاطر مثبت سوچ رکھتے ہیں، مسرت جمشید چیمہ

ہواؤں کا رخ بدل رہا ہے، ظلم کی تاریک رات جلد ختم ہونے والی ہے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک وقوم کی خاطر مثبت سوچ رکھتے ہیں

باقی صفحہ 17 جدید نمبر 17

وزیر اعظم پیچھے ہٹنے کو تیار نہ ہوئے تو حکومت مطالبات تسلیم کرے، حافظ نعیم الرحمن

دھرنا ختم کرتے ہیں، لوگ پریشان ہیں یہ لاوا کسی وقت بھی پھٹ سکتا ہے، پھر حالات حکومت کے کنٹرول میں نہیں رہیں گے

ہماری مذاکراتی کمیٹی نے حکومت پر دباؤ ختم کر دیا ہے اب آئی پی پی پر کاروبار بند کرنا ہوگا، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دھرنے کے 14 ویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی ملک کو تباہی کی راہ پر گامزن کرنے والے ہیں، شیخ وقاص اکرم

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی ملک کو تباہی کی راہ پر گامزن کرنے والے ہیں، ان کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں، شیخ وقاص اکرم

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 18

وزیر اعظم کی 9 مئی کے ملزمان کو معافی دینے کی پیشکش مسترد

آئین و قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، 9 مئی کے ملزمان کو کسی صورت معافی نہیں ملے گی، عطاتارڑ

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کل تک جو شخص کہتا تھا کہ سی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 31

دہشت گردی قومی سلامتی کیلئے بڑا خطرہ بن چکی ہے، وزیر مذہبی امور

ہمیں ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف متحد ہونا چاہیے، چیئرمی سالک حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور و چیئرمی سالک حسین نے کہا ہے کہ ہمارے ملک میں جاری دہشت گردی کی کارروائیاں قومی سلامتی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 29

نیا قومی ترانہ کس شاعر نے لکھا؟ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو 11 روز جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف توشہ خانہ کے تحائف کیس کی سماعت کے دوران مزید 11 روز جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا، احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے کیس کی سماعت کی، بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی کو 10 روز جسمانی ریمانڈ کے بعد

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 16

8 اگست تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے: حامد خان

2017ء میں نظر ثانی درخواست داخل کی تھی جس کی تاریخ آج تک نہیں لگی

اسلام آباد (این این آئی) سینئر قانون دان حامد خان نے کہا ہے کہ 8 اگست تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے، سانحہ 8 اگست کے شہداء کی یاد میں بانی کورٹ کی عمارت میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا، حامد خان نے تعزیتی ریفرنس

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 15

بانی پی ٹی آئی ملک وقوم کی خاطر مثبت سوچ رکھتے ہیں، مسرت جمشید چیمہ

ہواؤں کا رخ بدل رہا ہے، ظلم کی تاریک رات جلد ختم ہونے والی ہے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک وقوم کی خاطر مثبت سوچ رکھتے ہیں

باقی صفحہ 17 جدید نمبر 17

وزیر اعظم پیچھے ہٹنے کو تیار نہ ہوئے تو حکومت مطالبات تسلیم کرے، حافظ نعیم الرحمن

دھرنا ختم کرتے ہیں، لوگ پریشان ہیں یہ لاوا کسی وقت بھی پھٹ سکتا ہے، پھر حالات حکومت کے کنٹرول میں نہیں رہیں گے

ہماری مذاکراتی کمیٹی نے حکومت پر دباؤ ختم کر دیا ہے اب آئی پی پی پر کاروبار بند کرنا ہوگا، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن

راولپنڈی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن دھرنے کے 14 ویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی ملک کو تباہی کی راہ پر گامزن کرنے والے ہیں، شیخ وقاص اکرم

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی ملک کو تباہی کی راہ پر گامزن کرنے والے ہیں، ان کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں، شیخ وقاص اکرم

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 18

وزیر اعظم کی 9 مئی کے ملزمان کو معافی دینے کی پیشکش مسترد

آئین و قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، 9 مئی کے ملزمان کو کسی صورت معافی نہیں ملے گی، عطاتارڑ

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کل تک جو شخص کہتا تھا کہ سی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 31

وزیر اعظم ایک دو روز میں ملک بھر کے یوتھ لیڈرز اسٹورز کو چیئنی و ستیاب ہو گی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے تحت یوتھ لیڈرز اسٹورز کو چیئنی کی سپلائی کا آغاز کر دیا گیا اور آئندہ ایک دو روز میں ملک بھر کے یوتھ لیڈرز اسٹورز پر چیئنی

ستیاب ہوگی، ذرائع کے مطابق ملک کا پہلا یوتھ لیڈرز اسٹور کا پریشن کے پاس اس وقت وافر مقدار میں چیئنی ستیاب ہے

صفحہ نمبر 19

شیر افضل مروت کی پی ٹی آئی میں واپسی کی راہ ہموار ہونے لگی

بانی پی ٹی آئی نے نوٹیفکیشن پر نظر ثانی کیلئے آمادگی ظاہر کر دی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) میں واپسی کی راہ ہموار ہونے لگی، بانی پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 33

نیب ترمیمی آرڈیننس کیخلاف درخواست کی جلد سماعت کیلئے متفرق درخواست دائر

بانی پی ٹی آئی عمران خان اس سے متاثر فریق ہیں، ترامیم بدنیتی پر مبنی ہیں، درخواست گزار

لاہور (این این آئی) نیب آرڈیننس کے خلاف درخواست ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے دائر کی، درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ نیب ترامیم کالعدم قرار دی جائیں، لاہور ہائیکورٹ سے درخواست جلد سماعت کیلئے مقرر کرنے کی استدعا

باقی صفحہ نمبر 34

81 ویڈیو بیوٹو کالز کیخلاف شواہد پیش، شریف برادران کی 2046 تصاویر اور ویڈیوز بھی

لاہور (این این آئی) 9 مئی کے حوالے سے ساتھ 9 مئی کے 7 جون کے اندر 81 ویڈیو بیوٹو کالز کیخلاف شواہد سامنے آئیں، شریف برادران کی 2046 تصاویر اور ویڈیوز بھی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 25

پنجاب کے عوام صحت کے میدان میں بڑی تبدیلی دیکھیں گے، مجتبیٰ شجاع الرحمن

وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمان کا میونسپل کارپوریشن جنرل ہسپتال کوٹ خواجہ سعید ہسپتال کا دورہ، علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ

صحت کا شعبہ پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے، صحت اور تعلیم کے شعبہ کو سب سے زیادہ بجٹ دیے رہے ہیں



لاہور (خبر نگار) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن جنرل ہسپتال کوٹ خواجہ سعید ہسپتال کا دورہ کیا

باقی صفحہ 23

ایٹلی کرکٹن کی ٹرافی سے فرار ہونے والے ممبر قومی اسمبلی حاجی امتیاز دوبارہ گرفتار

ممبر قومی اسمبلی کو مطلوبہ ایئر پورٹ سے فرار ہوتے ہوئے گرفتار کیا گیا، ترجمان اینٹی کرپشن

امتیاز احمد کو دوبارہ گرفتار کیا گیا، ترجمان اینٹی

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 24

60 فیصد پاکستانی فیس بک، انسٹاگرام اور ٹک ٹاک اکاؤنٹس سے دور

30 سال سے عمر کے 62 فیصد پاکستانی نوجوان زیادہ فعال ہیں، گیلپ سروے

اسلام آباد (این این آئی) عوامی آرا جاننے والے ادارے گیلپ پاکستان نے نیا سروے جاری کر دیا ہے، سروے 28 جون سے 10 جولائی تک کیا گیا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 22

دریائے سندھ سے ملحقہ اضلاع میں فلڈ وارننگ جاری

پی ڈی ایم اے نے کشمور، گھوٹکی، سکھر، شکارپور اور لاڑکانہ کے اضلاع میں فلڈ وارننگ جاری کر دی، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) موسلا دھار بارشوں کے باعث دریائے سندھ سے ملحقہ

باقی صفحہ نمبر 21

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد یاض
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، مینارٹی ڈے کی تقریب میں ایک 78 سالہ مسیحی مالی ہدایت مسیح کو 18 لاکھ پودے لگانے پر خصوصی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

صوبائی وزراء رمیش سنگھ اروڑہ اور رانا سکندر حیات کی مینارٹیز ڈے کی تقریب میں شرکت

تقریب کا اہتمام محکمہ انسانی حقوق نے برگد نامی فلاحی تنظیم کے اشتراک سے کیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے مینارٹیز ڈے کے حوالے سے محکمہ انسانی حقوق اور برگد نامی فلاحی تنظیم کے اشتراک سے منعقد تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب کا انعقاد اسی لاہریری نزد قذافی اسٹیڈیم میں کیا گیا، جس میں سکھ، ہندو، مسیحی اور مسلم کمیونٹی سے وابستہ لاہور کی 12 یو سیز سے مسلک نوجوانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ تقریب میں علامہ اصغر چشتی ، ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف ، ماہر موسمیات ماہین اعظم خان، کنیئر ڈ کالج سے رومہ شمشاد اور پنجاب حکومت کے قائم کردہ میثاق سینٹر کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر برگد صبیحہ شاہین نے تقریب کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال 11 اگست کو مینارٹیز ڈے کی تقریب منائی جاتی ہے تاکہ مذہبی اقلیتوں میں احساس محرومی کا خاتمہ یقینی بنایا جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا کہنا تھا کہ 11 اگست 1947 کو قائداعظم نے واضح کیا تھا کہ پاکستان میں آپ سب لوگ اپنی عبادت گاہوں میں جانے کے لئے مکمل آزاد ہوں گے اور آج پنجاب حکومت اسی خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے تاریخی اقدامات کر رہی ہے تاکہ حقیقی معنوں میں سب کا پاکستان بنایا جائے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ میری چار نسلیں اسی مٹی میں دفن ہیں اور میں بھی اسی مٹی میں دفن ہونا چاہوں گا۔ حالیہ بجٹ میں مذہبی اقلیتوں کے لیے تاریخ ساز بجٹ مختص کیا گیا ہے تاکہ ماضی میں پایا جانیوالا احساس محرومی ختم کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اس وقت مذہبی اقلیتوں سے مسلک 18 ہزار کے قریب سیٹیں خالی پڑی ہیں۔ پنجاب حکومت خواہاں ہے کہ مذہبی اقلیتوں کو ہر میدان میں آگے لایا جائے اور اس حوالے سے ایک لیٹر فانس ڈیپارٹمنٹ کو بھجوا رہے ہیں جبکہ مذہبی اقلیتوں سے وابستہ نوجوانوں کے لیے تقریباً 200 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس میں مینارٹیز ڈیولپمنٹ فنڈ قابل ذکر ہے تاکہ جدھر کرسچن یا ہندو کمیونٹی آباد ہے ادھر ڈیولپمنٹ کے کام تیز کئے جا سکیں۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے اپنے خطاب میں کہا کہ مذہبی اقلیتوں کے لیے اسکالرشپس کی گرانٹ بڑھا دی گئی ہے تاکہ نوجوانوں کو تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ہر مذہب انسانیت کی بات کرتا ہے اور اسی سوچ کو پنجاب حکومت عملی طور پر نافذ کر رہی ہے۔ تقریب میں ایک پینل ڈسکشن کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں نوجوانوں نے مختلف سوالات کیے اور وزراء نے جوابات دیئے۔ تقریب میں خصوصی طور پر 78 سالہ ہدایت مسیح مالی کو 60 سال سے لگ بھگ 18 لاکھ پودے لگانے پر شیلڈ اور کیش انعام دیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزراء کو یادگاری شیلڈز اور برگد سے منسلک عہدیداران کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔



سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، دربار حضرت شاہ کمالؒ سے ملحقہ وقف پراپرٹی پر جاری ترقیاتی امور کے جائزہ کے موقع پر ہدایت جاری کرتے ہوئے، وسیم عباس، رفیق نوٹو و دیگر بھی موجود ہیں

محکمانہ تعمیر وترقی کے لیے اوقاف لیڈرشپ سرگرم عمل

وقف پراپرٹی کی حفاظت اوّلین ترجیح، ناجائز تجاوزات کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

لاہور (سپیشل رپورٹر) محکمانہ تعمیر وترقی کے لیے اوقاف لیڈرشپ سرگرم عمل۔ وقف پراپرٹی کی حفاظت اوّلین ترجیح، ناجائز تجاوزات کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، اوقاف کی کمرشل اراضیات کو بہترین استعمال میں لاکر، سرکاری ذرائع آمدن میں اضافہ کے امکانات روشن، بہتر مانیٹرنگ اور سپرویژن سے ریونیو اور ریکوری کے اہداف کو یقینی بنالیا، ناجائز قابضین کی بیخ کنی کے لیے، انٹی انکروچمنٹ اسکواڈ ہر وقت متحرک ہے۔ قبضہ مافیا کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ سالہا سال سے التواء کا شکار کمرشل سکیموں کے اجراء کو عملی مرحلے میں داخل کر دیا۔ رواں سہ ماہی میں محکمانہ آمدن میں ریکارڈ اضافہ کے حصول کے لیے فیلڈ آفیسران مستعد ہوں۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے دربار حضرت شاہ کمالؒ لاہور، اس سے ملحقہ وقف پراپرٹی پر 55 ملین کی لاگت سے زیر تعمیر 50 عدد دوکانات کے جاری ترقیاتی امور، جنازگاہ اور وقف لینڈ شریف قبوری بلڈنگ رحمن پورہ اچھرہ لاہور سے ملحقہ بلڈنگ کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔

صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ کی ہاٹ سپاٹس، کرائم پاکٹس پر سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ جاری



لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈولفن سکواڈ کی ہاٹ سپاٹس، کرائم پاکٹس پر سنیپ چیکنگ و پٹرولنگ جاری۔ لاہور ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد نے بتایا شادباغ، ہربنس میں ڈولفن سکواڈ کی کارروائیاں، 3 مشکوک ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا ڈولفن سکواڈ نے جٹ چوک، شادباغ، ہربنس پورہ میں سنیپ چیکنگ کے دوران 3 مشکوک اشخاص کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے موٹر سائیکلز، 3 پستول گولیاں و میگزینز برآمد کرلیے ملزم ولید ریکارڈ یافتہ ہے سنگین جرائم کے متعدد مقدمات درج ہیں۔ گرفتار ملزمان میں ولید، شہروز، ذاکر شامل تھانہ شادباغ، ہربنس پورہ کے حوالے کر دیا۔ اسلحہ کی نمائش و ترسیل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

ایس پی کینٹ کی ہدایت پر اشتہاری ملزمان کے خلاف شکنجہ سخت

تھانہ ڈیفنس اے اور ہیئر پولیس کی کارروائیاں، 03 اشتہاری ملزم گرفتار



لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر اشتہاری ملزمان کے خلاف شکنجہ سخت، تھانہ ڈیفنس اے اور ہیئر پولیس کی کارروائیاں، 03 اشتہاری ملزم شہباز، اصغر، حنیف گرفتار، اشتہاری ملزم اقدام قتل، کارِ سرکار میں مزاحمت، زنا کاری کے مقدمات میں عرصہ 01 سال سے پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی کینٹ اویس شفیق نے کہا کہ اشتہاری ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا گرفتار ملزمان مزید تفتیش کے لیے انوسٹی گیشن پولیس کے حوالے کردیے ہیں ،ایس پی کینٹ کی ایس ایچ او ڈیفنس اے، ایس ایچ او ہیئر اور پولیس ٹیم کو شاباش، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کے لیے دیے گئے ٹارگٹ کو ہر صورت مکمل کیا جائیگا، ایس پی کینٹ اویس شفیق

قانون شکن عناصر کیخلاف سائینٹیفک بنیادوں پر کارروائیاں جاری

پولیس ایپ کی مدد سے جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاریوں کے گرد گھیرا تنگ



لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کمانڈ کی ہدایت پر قانون شکن عناصر کیخلاف سائینٹیفک بنیادوں پر کارروائیاں جاری۔ مجاہد سکواڈ اے پولیس ایپ کی مدد سے جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاریوں کے گرد گھیرا تنگ، ناکہ محمود بوٹی کی کارروائی، قتل کے مقدمہ میں اشتہاری گرفتار ملزم 2011 سے سیالکوٹ پولیس کو قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھا ملزم پر سیالکوٹ کے تھانہ بمبانوالہ میں قتل کا مقدمہ درج ہے اشتہاری محبوب الحسن کو مزید کارروائی کیلئے تھانہ باغبانپورہ کے حوالے کردیا گیا۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر قائم ای پولیس پوسٹ سوفٹ وئیر سے مفرور مجرمان کی شناخت کی جاری ہے جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاریوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ ایس پی شاہ میر خالد

سوشل میڈیا پر طالبہ کو بلیک میل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا

طالبہ نے ویمن سیفٹی ایپ پرور چوئل ویمن پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی

لاہور (کرائم رپورٹر) سوشل میڈیا پر طالبہ کو بلیک میل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق طالبہ نے ویمن سیفٹی ایپ پرور چوئل ویمن پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروائی جس کے مطابق طالبہ کی سوشل میڈیا پر 2 لڑکیوں سے دوستی ہوئی جنہوں نے دھوکے سے 2 لڑکوں سے ملاقات کروائی۔ لڑکوں نے دھوکے سے طالبہ کی تصاویر اور ویڈیو بنالیں اور بلیک میل کرنا شروع کردیا۔ لڑکی نے الزام عائد کیا کہ ملزمان اسے کالج آتے جاتے ہوئے ہراساں کرتے تھے۔ ملزمان نے جان سے مارنے اور تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کی دھمکیاں بھی دیں۔ ورچوئل پولیس اسٹیشن نے پولیس کا متاثرہ لڑکی سے رابطہ کروایا جس کے بعد ملزمان کی نشاندہی کی گئی۔

لاہور بھاٹی گیٹ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کارروائی

تین رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار



لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور بھاٹی گیٹ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کاروائی تین رکنی متحرک موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 3 موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ملزمان اندرون لاہور سمیت مختلف مقامات پر شہریوں سے لوٹ مار کرتے اور رفو چکر ہوجاتے ملزمان گلی محلوں میں کھڑی موٹر سائیکل چوری کرتے دوران واردات ملزمان شہریوں کو اسلحہ کے استعمال سے ہراساں بھی کرتے گرفتار ملزمان میں وقار اور فرقان عرف بھیا اور دلدار شامل مقدمات درج، ایس ایچ او بھاٹی گیٹ زین عباس ایس پی سٹی قاضی علی رضا کی ایس ایچ او بھاٹی گیٹ اور ٹیم کو متحرک ملزمان کی گرفتاری پر شاباش دی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جارہی ہے، ایس پی سٹی کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا

ڈولفن سکواڈ کی جیب کتروں وچوروں کیخلاف کارروائیاں جاری

جوہر ٹاؤن نجی ہاسٹلز سے موبائل فون چوری کرنے والے ملزم گرفتار



لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کی جیب کتروں و چوروں کیخلاف کارروائیاں جاری جوہر ٹاؤن نجی ہاسٹلز سے موبائل فون چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے ڈولفن ٹیم نے مقامی لوگوں کی شکایات پر ملزم کو ریکی کر کے گرفتار کیا ڈولفن ٹیم نے ملزم کو موبائل چوری کر کے لیجاتے اللہ ھو گول چکر کے قریب گرفتار کر کے موبائلز برآمد کر لیے ہیں ملزم کے قبضہ سے چوری شدہ 2 موبائل فونز بھی برآمد کیے ہیں ملزم محسن کو مزید تفتیش کیلئے تھانہ جوہر ٹاؤن کے حوالے کر دیا گیا۔ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثہ سے مرحوم ہونے نہیں دیں گے۔ ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سے ایم ایم عالم روڈ گلبرگ ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر کاروباری افراد کی سہولت کیلئے ایل ڈی اے میں ریفارمز کر رہے ہیں، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سے ایم ایم عالم روڈ گلبرگ ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے وفد کو ایم ایم عالم روڈ کے مجوزہ پلان بارے بریفنگ دی۔ وفد کو بتایا گیا کہ ایم ایم عالم روڈ پر سروسز کو انڈر گراؤنڈ، پارکنگ کو کشادہ کیا جائے گا۔ پیدل چلنے والے کے لیے سہولیات، سائیکل لین، یونیفارم سائنج، اسفالٹ ورک کیا جائے گا۔ وفد کے ممبران نے مجوزہ ری ماڈلنگ کے منصوبے کو سراہا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے کہا کہ مقامی ایسوسی ایشن کے تعاون سے ایم ایم عالم روڈ کو ماڈل ایریا بنا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر کاروباری افراد کی سہولت کے لیے ایل ڈی اے میں ریفارمز کر رہے ہیں۔ اجلاس میں ایسوسی ایشن عہدیداران سے منصوبے کی بہتری بارے فیڈ بیک لیا گیا۔ ایسوسی ایشن ممبران نے کہا کہ ایم ایم عالم روڈ کی ری ماڈلنگ سے شہریوں اور کاروباری افراد کو سہولت ملے گی۔ وفد میں صدر ایم ایم عالم ایسوسی ایشن میاں سلیم، عرفان رفیق، وسیم اعجاز، خواجہ شفیق، ڈاکٹر علی مسعود، شاہد لقمان، زوہیب علی و دیگر شامل تھے۔



ایپکا اسپیشل ایجوکیشن پنجاب کے صدر میاں ریاض کی قیادت میں سرکاری ملازمین کے مطالبات کی منظوری کے لیے احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

ایپکا اسپیشل ایجوکیشن پنجاب کے زیر اہتمام محکمہ زراعت تا پریس کلب لاہور کامیاب ریلی کا انعقاد

ریلی کی قیادت شفقت رسول، میاں ریاض، شہزاد بھٹہ، فضل داد، قلب عباس، جمشید اقبال، خانزادہ خان سمیت دیگر نے کی

حکومت پنجاب کی طرف سے ملازمین دشمن ترمیم 17-A اور لیو انکیشمنٹ میں ہونے والی بلا جواز ترامیم کی پرزور مذمت کی گئی

لاہور (خبر نگار) ایپکا اسپیشل ایجوکیشن پنجاب کے زیر اہتمام محکمہ زراعت تا پریس کلب لاہور تک کامیاب ریلی نکالی گئی ایپکا پنجاب کے مطابق شفقت رسول سندھو۔ مرکزی رہنما حاجی فضل داد گجر۔ شوکت سندھو و دیگر رہنماؤں کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا گیا۔ ریلی کی قیادت شفقت رسول سندھو صدر ایپکا پنجاب اور اسپیشل ایجوکیشن پنجاب کے صدر میاں ریاض فضل داد گجر۔ اور قلب عباس صدر محکمہ زراعت نے کی و دیگر عہدداران میں سینئر نائب صدر محمد جمشید اقبال۔ جنرل سیکرٹری خانزادہ خان۔ ندیم۔ عثمان۔ وخالد مینو۔ شہزاد بھٹہ سابقہ ڈائریکٹر سپیشل ایجوکیشن پنجاب اور قمر عباس نے پینشنر کی نمائندگی کی۔ دیگر عہدداران نے شرکت کی اجس میں حکومت پنجاب کی طرف سے ملازمین دشمن ترمیم 17-A اور لیو انکیشمنٹ امیں ہونے والی بلا جواز ترامیم کی پرزور مذمت کی گئی۔ اور قائدین نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر جاتی عمرہ میں ہونے والی ملاقات میں اپنے وعدہ کو پورا کرتے ہوئے لیو انکیشمنٹ اور 17-A کی ترامیم فوری واپس لی جائیں اور نوٹیفیکیشن کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے تاکہ ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی کو ختم کیا جاسکے۔ بصورت دیگر 22 اگست کو بہاولپور اور 29 اگست 2024 کو فیصل آباد میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا حکومت وقت نے بچھر بھی ہمارے مطالبات نہ مانے تو پورا پنجاب سے ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دینے پر مجبور ہوجائیں گے۔

تھانہ غازی آباد کے علاقہ میں شہری کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کرنے والے ملزمان آزاد

مقدمہ تو درج کرلیا جبکہ انوسٹی گیشن پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے، پولیس ملزمان کے ساتھ ملی ہوئی ہے، مدعی مقدمہ

لاہور (فرید بابر) تھانہ غازی آباد کے علاقہ میں شہری کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کرنے والے ملزمان آزاد انوسٹی گیشن پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ چند روز قبل سلمان نامی شہری کو فائر لگنے کا واقع۔ تھانہ غازی اباد کے رہائشی ملزمان حیدر ڈوگر گدی ڈوگر اور سلطان ڈوگر نے سلمان نامی 18 سالہ نوجوان کو گھر سے اغوا کیا اور راستے میں نزد دماں والا بازار ٹانگ میں گولی مار کر زخمی کر دیا اور ہوائی فائرنگ کر کے علاقے میں خوف و حراس پھیلاتے ہوئے فرار ہوگئے اطلاع ملنے پولیس کی بھائی نفری موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے مقدمہ درج کرتے ہوئے مقدمہ تو درج کر لیا جبکہ انوسٹی گیشن پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہے۔ میں ناکام رہے۔ مدعی مقدمہ کا کہنا ہے کہ پولیس ملزمان کے ساتھ ملی ہوئی ہے دوسری جانب ۔ مدیان انصاف کے حصول کے لیے در بدر ٹھوکریں کھا رہے ہیں اور ملزمان انٹیرم بیل کروا کر مدیان کے گھر کے سامنے چارپائیاں رکھ کر بیٹھ کے ڈرا دھمکا رہے ہیں مدعی محمد رمضان کا کہنا ہے کہ ملزمان پیشوار ہیں اس سے پہلے بھی ملزمان اس طرح کے کئی وقوع کر چکے ہیں ایف ائی ار کے مدعی محمد رمضان کا یہ کہنا ہے کہ افسران میری مدد کریں اور ملزمان کو گرفتار کریں مدعی کا کہنا ہے کہ ملزمان نے میرے جوان بچے کی ٹانگ میں گولی مار کر اسے اپاہج بنا دیا ہے مدعی محمد رمضان نے مدد کی اپیل کرتے ہوئے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری سے مدد کی اپیل ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے۔

پمز لاہور کے پرائیویٹ وارڈ میں ڈاکٹر کی مبینہ خودکشی

ڈاکٹر کی موت کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے پوسٹ مارٹم کیا جائے گا، ایس ایچ او

لاہور (خبر نگار) پمز لاہور کے پرائیویٹ وارڈ میں ڈاکٹر کی مبینہ خودکشی، ڈاکٹر کی موت کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے پوسٹ مارٹم کیا جائے گا، ایس ایچ او۔ ایس ایچ او تھانہ سول لائنز کے مطابق ڈاکٹر کی موت کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے پوسٹ مارٹم کیا جائے گا۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)9 اگست 2024ء

گوجرانوالہ ناجائز منافع خوری غیر قانونی گیس ری فلنگ منی پٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن

یکم اگست سے اب تک 19 ہزار 8 سو 84 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں، 28 لاکھ 94 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، 08 مقدمات کا اندراج ، 47 افراد گرفتار اور 26 کاروباری مراکز سیل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کی ہدایات پر ناجائز منافع خوروں، غیر قانونی گیس ری فلنگ، غیر قانونی منی پیٹرول پمپس اور ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری۔ ضلع گوجرانوالہ/ وزیرآباد میں اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے یکم اگست سے اب تک 19 ہزار 8 سو 84 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں، 28 لاکھ 94 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، 08 مقدمات کا اندراج، 47 افراد گرفتار اور 26 کاروباری مراکز سیل۔ ضلع گوجرانوالہ کے اسسٹنٹ کمشنرز و پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے کی گئی کاروائیوں کی یکم اگست سے اب تک کی رپورٹ کے مطابق 04 ہزار 6 سو 13 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں ان کاروائیوں کے دوران 87 افراد کو مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت کرنے پر 06 لاکھ 03 ہزار 5 سو روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، متعلقہ تھانوں میں 0 مقدمات کا اندراج کرواتے ہوئے 08 افراد کو حوالہ پولیس کیا گیا اس کے علاوہ 12 کاروباری مراکز کو سیل کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی ارزاں نرخوں پر فروخت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اس سلسلہ میں شہری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور جہاں کہیں بھی مہنگے داموں اشیائے ضروریہ کی فروخت ہو تو فوری نشاندہی کرتے ہوئے شکایات درج کروائیں تاکہ غیر قانونی منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کو قانون کے شکنجے میں لایا جا سکے۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نان روٹی، سستے آٹے کی دستیابی، پھل، گوشت، سبزیاں، دودھ دہی مہنگے داموں فروخت کرنے اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کیخلاف فیلڈ میں متحرک رہیں اور روزانہ کی بنیاد پر چھاپہ مار کاروائیاں کریں، صارفین کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو قانون کے شکنجے میں


گوجرانوالہ: ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کر رہے ہیں۔

سیالکوٹ میں موٹر ورکشاپ مالک کا معصوم شاگرد پر تشدد کی خبر پر ڈی۔پی۔او سیالکوٹ کا ایکشن، ورکشاپ مالک گرفتار

سیالکوٹ (بیورو چیف) خواجہ عامر جاوید کو اوور ہیڈ برج کے نیچے واقع آٹو ورکشاپ گلگی فوجیہ موصول ہوئی جس میں مکینک و مالک ورکشاپ کم عمر شاگرد کو گھونسوں اور لاتوں سے مار پیٹ رہا تھا۔ معصوم بچے پر بہیمانہ تشدد کی خبر کو وائرل کیا جس کے فوری بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے ایکشن لیتے ہوئے ایس۔ایچ۔او رنگپورہ کو فوراً کاروائی کی ہدایات دیں جو کہ سیالکوٹ پولیس نے فوری کاروائی کرتے ہوئے تشدد کرنے والے ورکشاپ مالک کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کے تھانہ رنگپورہ کے علاقہ میں واقع موٹر ورکشاپ پر معصوم محنت کش بچے ہر ورکشاپ مالک کیجانب سے بہیمانہ تشدد کے شکنجے میں لاتے ہوئے ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جا سکے۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز/ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نان روٹی، سستے آٹے کی دستیابی، پھل، گوشت، سبزیاں، دودھ دہی مہنگے داموں فروخت کرنے اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کیخلاف فیلڈ میں متحرک رہیں اور روزانہ کی بنیاد پر چھاپہ مار کاروائیاں کریں، صارفین کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو قانون کے شکنجے میں لائیں تاکہ صارفین کے حقوق کا تحفظ ممکن بناتے ہوئے مصنوعی مہنگائی کے جن کو قابو کیا جا سکے۔

پیپلز پارٹی کی قیادت میں پاکستان کا مستقبل روشن ہے، خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ

لندن سے سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید کیساتھ خصوصی گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی زیرک قیادت کیوجہ سے پنجاب کے نائب صدر و این۔اے 71 سیالکوٹ پاکستان انشاء اللہ مشکلات سے نکل رہا ہے۔ ہماری پارٹی قیادت کے تدبر کیوجہ سے محفوظ حکومت کامیابی سے چل رہی ہے انشاء اللہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے لندن سے سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید کیساتھ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہیں سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی جانب سے بیسٹ جرنلسٹ ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی۔ ایک سوال کے جواب میں معروف قانون دان نے کہا کہ دورہ برطانیہ کے دوران معروف وکلاء کیساتھ خصوصی ملاقاتوں کے دوران سیشنز ہونگے۔



نالہ ایک کی 24 گھنٹے نگرانی کر رہے ہیں

فلڈ پلان تیاریاں مکمل ہیں، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

نالہ ایک کی سیالکوٹ سے گذر کر پانی کی گنجائش 5 ہزار کیوسک رہ جاتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ۔ ضلعی انتظامیہ مون سون کے دوران مکمل الرٹ ہے۔ محمد ذوالقرنین لنگڑیال

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) نالہ ایک کی سیالکوٹ سے گذر کر پانی کی گنجائش 5 ہزار کیوسک رہ جاتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ۔ ضلعی انتظامیہ مون سون کے دوران مکمل الرٹ ہے۔ محمد ذوالقرنین لنگڑیال۔ ایم آر لنک کینال کے قریب سپل اوور ہو کر کناروں سے باہر نکل آتا ہے اور اور نکلا ہوا پانی مرالہ راوی لنک کنال کے 4 ہزار کیوسک کے ان لٹس (Inlets) دن اور ٹو کے ذریعے ڈرین آؤٹ ہو جاتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ نے ممکنہ سیلاب اور مون سون کی طوفانی بارشوں سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رکھے ہیں۔ ضلع سیالکوٹ میں بہنے والے دریاؤں اور ندی نالوں کے پشتوں اور ان میں پانی کے بہاؤ کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ محکمہ ایریگیشن، ضلع کونسل، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹز کو نالوں کی ڈی سلٹنگ اور ان لٹس کی صفائی ہدایات دیجا چکی ہیں اور فلڈ فائٹنگ آلات مکمل طور فعال ہیں۔ کسی بھی قسم کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سول ڈیفنس سیالکوٹ و ریسکیو سروسز 1122 بھی الرٹ ہیں جبکہ سول ڈیفنس 24 گھنٹے نالہ ایک میں پانی کی صورتحال کی نگرانی کر کے آپ ڈیٹ کر رہا ہے۔ سیلاب سے ممکنہ طور پر متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور بحالی کیلئے فلڈ پلان کے مطابق تیاریاں مکمل ہیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہے شہری کسی بھی قسم کی معلومات یا ہنگامی صورتحال کی بابت 9250011 پر کال کر سکتے ہیں۔


سیالکوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین، اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال احسن ممتاز گوندل اور ایری گیشن حکام کے ہمراہ ساہووالہ کے قریب نالہ ایک کے بریچنگ پوائنٹ کا معائنہ کر رہے ہیں۔

وسائل کا ایمانداری سے خرچ افسران کی اولین ترجیح ہے، نوید حیدر شیرازی

سرکاری فنڈز شفاف اور بہترین عوامی و قومی مفاد کے تحت استعمال کئے جائیں گے


گوجرانوالہ۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی کمشنر دفتر جبکہ دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں، گوجرانوالہ، سیالکوٹ اور نارووال میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کے نظرثانی شدہ تخمینہ جات کی منظوری دیتے ہوئے کمشنر نے اس توقع کا اظہار کیا کہ تمام سرکاری فنڈز شفاف اور بہترین عوامی و قومی مفاد کے تحت استعمال کئے جائیں گے۔ کمشنر نے واضح کیا کہ دستیاب وسائل کو ذمہ داری اور ایمانداری کے ساتھ خرچ کرنا متعلقہ افسران کی اولین ترجیح ہونی چاہیئے اور حکومت کسی بھی صورت فنڈز کے استعمال میں بلا جواز تاخیر اور بدعنوانی کو برداشت نہیں کرے گی اور کسی شکایت کی صورت میں کرپشن ثابت ہونے پر ٹھوس کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالرؤف نے نظرثانی شدہ تخمینہ جات کے حوالہ سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں نارووال میں ہائی ویز کے 3 منصوبہ جات جنکی نظر ثانی تخمینہ لاگت 000.240 ملین روپے کی منظوری دی گئی اس کے علاوہ 373.55 ملین روپے کی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی سکیمز کا ازسرنو جائزہ لینے کا کہا گیا۔ منڈی بہاوالدین کی ہائی ویز کی ایک 133.81 ملین روپے کی سکیم کی منظوری دی گئی۔ سیالکوٹ کے 4 منصوبہ جات کی نظرثانی شدہ سکیمز کی منظوری دی گئی ان منصوبوں میں ڈسپوزل، ڈرینج، سولنگ، لٹ ٹائلز، نالیوں سمیت دیگر شامل ہیں۔ اسی طرح گوجرانوالہ میں سرکٹ ہاؤس کی 000.53 ملین روپے کی منظوری فیز 111 کے لیٹر سے مشروط کر کے دی گئی جبکہ اے ڈی پی کے تحت پبلک ہیلتھ کے ایک 1184 ملین روپے کا دو یونین میں سولر سسٹم کے ساتھ صاف پانی سمیت سیوریج، ڈرینج، گلیوں، نالیوں کی کل 6 سکیمز ہر مجموعی طور پر 000.600 ملین روپے کی منظوری دی گئی۔

دیپالپور میں ظلم کی انتہا کر دی گئی بے زبان گدھی کو شدید تشدد کر کے مار دیا گیا



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ ث) دیپالپور میں ظلم کی انتہا کر دی گئی بے زبان گدھی کو شدید تشدد کر کے مار دیا گیا کے مطابق دیپالپور کے نواحی علاقہ بلوچاں والا کھوہ پر الطاف نامی شخص نے گدھی کو چارا کاٹنے والی دانتریوں سے وار کر کے مار ڈالا کھوتی میری زمینوں میں کیوں آئی تیش میں آ کر ظالم درندے نے بے زبان جانور کو مار ڈالا پہلے جانور کے تین کاٹے گئے پھر ٹانگوں پر وار اس کے بعد سر میں کلہاڑا مار دیا جس سے جانور پاگل ہو گیا بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے مر گئی ظالم درندے کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے جانور کے مالک کی طرف سے 15 پر کال کی گئی لیکن پولیس اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ٹال مٹول سے کام لیتی رہی اس کے بعد پولیس نے یہ بول کر اپنے ہاتھ صاف کر لیے کہ یہ صدر تھانے کی حدود میں علاقہ نہیں آتا آپ سٹی میں جاؤ سٹی والے بولتے ہیں یہ صدر کی حدود ہے جانور کا ملک دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ڈی پی او اوکاڑہ سے فوری طور پر نوٹس لینے کی اپیل

گوجرانوالہ: ری ہیبی ٹیشن کمیٹی کا اجلاس، ڈپٹی کمشنر معذور کوٹہ پر سختی سے عملدرآمد کا حکم

تمام سرکاری و غیر سرکاری دفاتر میں معذوروں کیلئے علیحدہ ریمپ تعمیر کئے جائیں، محمد طارق قریشی


گوجرانوالہ: ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی ضلعی بہبود بحالی کمیٹی برائے خصوصی افراد کے ماہانہ جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ویلفیئر اینڈ ری ہیبی ٹیشن کمیٹی کا اجلاس، خصوصی افراد (گونگے بہرے، نابینا، اعضائے معذوری) اور دیگر خصوصیات کے حامل افراد کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت پنجاب خصوصی اقدامات کر رہی ہے اس کمیٹی کی تشکیل کا مقصد بھی خصوصی افراد کے مسائل کو ضلعی سطح پر حل کرنا ہے تاکہ انہیں ہر طرح کا ممکن ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر حنا بخاری نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈسٹرکٹ ویلفیئر ریہیبلیٹیشن کمیٹی حکومت پنجاب نے معذور اور خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کیلئے تشکیل دی ہے جو معذور افراد میں نوکریوں کے لیے مختص 3 فیصد کوٹہ ہے پر محکموں میں عملدرآمد یقینی بنانے کو مانیٹر کر رہی ہے تاکہ حکومتی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی نے کہا ہے کہ معذور افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور برابر حقوق کے حقدار ہیں، سپیشل افراد کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور روزگار، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ متعلقہ محکموں سے مل کر اقدامات کرے گی تاکہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری و غیر سرکاری دفاتر میں معذوروں کیلئے علیحدہ ریمپ تعمیر کئے جائیں اور حکومتی کوٹہ پالیسی کے مطابق بھرتی کروائی جائے تاکہ معذور افراد بھی باعزت زندگی گذارنے کے قابل ہو سکیں۔ یہ ہدایات انہوں نے ڈسٹرکٹ ویلفیئر بحالی برائے معذور افراد کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ معذور افراد کے مسائل کو حل کرنے کے لیے حکومت پنجاب کی طرف سے تشکیل دی گئی کمیٹی ضلعی ویلفیئر و بہبود یونٹ گوجرانوالہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معذور افراد کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام ضروری اقدامات کرے گی اور معذور افراد کے روزگار کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے ٹریننگ بھی دی جائے گی اور ٹریننگ سے اسپیشل افراد کی صلاحیتوں کو نکھارا جائے گا۔ اجلاس میں

تھانہ فیکٹری ایریا: پولیس وین اور ڈکوؤں میں فائرنگ: ایک ڈاکو زخمی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ فیکٹری ایریا کے علاقہ نوکریاں کے قریب پولیس وین پر ڈاکوؤں کی مبینہ فائرنگ کے نتیجہ میں ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جسے پولیس نے گرفتار کر کے ہسپتال منتقل کر دیا پولیس ڈکیت گینگ کے گرفتار رکن کو ریکوری کیلئے لیجا رہی تھی کہ اس کے ساتھیوں نے گاؤں نوکریاں کے قریب پولیس پارٹی پر اچانک اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے شیخ عبدالرحمن نامی ڈاکو زخمی ہو گیا جسے پولیس نے گرفتار کر لیا، پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ڈاکو شیخ عبدالرحمن درجنوں وارداتوں میں پولیس کو مطلوب اور ریکارڈ یافتہ تھا جسے زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

وعدوں سے تکمیل کے سفر کا نام خالد وسیم ہے، شمس عمران

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں ترقیاتی کاموں کے جال بچھائے جا رہے ہیں الیکشن کے دوران کیے گئے وعدوں کی تکمیل کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ڈویلپمنٹ کے کام جاری ہے ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جہاں جہاں سڑکوں کی تعمیر ممکن ہے وہاں پر تعمیراتی کام شروع ہو چکے ہیں فرزند سیالکوٹ قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ الحمدللہ ممبران کی ترقی ہماری اولین ترجیحات ہیں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں تمام سڑکوں کو ازسرنو تعمیر کرنے کا کام جاری ہے اور ان تمام منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے مدینہ مرکز شہداء روڈ کی تعمیر کا کام جاری ہے۔

شریف سوہدل کیخلاف جھوٹا مقدمہ خارج کیا جائے، صدر سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد



مصطفیٰ آباد (نامہ نگار) سینئر صحافی شریف سوہدل ایڈووکیٹ کے خلاف جھوٹا مقدمہ خارج کیا جائے اور ان کی غیر قانونی گرفتاری کے ذمہ داران کو سزا دی جائے ان خیالات کا اظہار صدر سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد نے عہدیداران کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ سردار شریف سوہدل نے ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیا اور اپنی صحافتی زمہ داریاں باحسن سرانجام دیں جرائم پیشہ اور کرپٹ عناصر کی نشاندہی جرات سے کی ان کے خلاف خود ساختہ میڈیکل پر جھوٹا مقدمہ درج کیا گیا جو انتہائی قابل مزمت ہے انہوں نے مزید کہا کہ اگر مقدمہ خارج نہ کیا گیا تو ہر سطح پر احتجاج کیا جائے گا۔

ڈاکٹر رانا نوید عظمت بورڈ کنٹرولر ڈویژن ساہیوال کی پی ایچ ڈی مکمل

جونیئرز سے محبت و احترام اور ان کے دکھ درد میں کام آنے والے خدا پرست انسان ہیں، صحافیوں سے گفتگو



عارفوالا (نامہ نگار نصراللہ سے) ڈاکٹر رانا نوید عظمت بورڈ کنٹرولر ڈویژن ساہیوال کی (پی ایچ ڈی) مکمل ہونے پر محکمہ ہیلتھ، محکمہ ایجوکیشن، وکلاء کمیونٹی، صحافیوں، سمیت دوست احباب اور عزیز و اقارب کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ڈاکٹر رانا نوید عظمت سے ملاقات کے موقع پر چوہدری محمد اکرم اور ملک نوید کھوکھر (این اے) نے کہا کہ ڈاکٹر نوید عظمت فرض شناس، ایماندار اور محنتی آفیسر ہیں ایسے آفیسر محکمہ کے ماتھے کا جھومر اور عوام کے لئے اللہ کی طرف سے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتے ہیں ملک و قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرنا ان کی ڈیوٹی میں شامل ہوتا ہے اور ایسے فرض شناس آفیسر لاکھوں میں ایک ہوتے ہیں جو عوام کی بھلائی اور فلاح بہبود کے لئے کام کرنے میں اپنی زندگی وقف کر دیتے ہیں ڈاکٹر رانا نوید عظمت ہمارے ڈویژن ساہیوال کے ایک ہر دل عزیز، ملنسار، خوش اخلاق، میرٹ پر کام کرنا، اپنے جونیئرز سے محبت و احترام اور ان کے دکھ درد میں کام آنے والے خدا پرست انسان ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے خصوصی پروگرام ہمت کارڈ متعارف کروا دیا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے خصوصی پروگرام ہمت کارڈ متعارف کروا دیا گیا ہے۔ جس کی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے تحصیل چوآمین شاہ کے رہائشی چوآمین شاہ دفتر میں تشریف لائیں جس کے تحت معذور افراد کو سہ ماہی 7500 روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ یہ وظیفہ انکو دیا جائے گا جن کی رجسٹریشن سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ہو چکی ہوگی اور دوسرا جو سکیم کے قانون پر پورا اترتے ہوگے۔ معذور افراد سے درخواست ہے کہ وہ معذوری سرٹیفکیٹ بنوا کر اپنا اندراج چکوال دفتر میں کروائیں۔ مزید تفصیلات کے لیے چوآمین شاہ دفتر میں رابطہ کریں۔ اس میسج کو معذور افراد تک ضرور پہنچائیں۔

پنکچر آئل ٹینکر ٹرک سے ٹکرا گیا 50 ہزار لیٹر فرنس آئل سڑک پر گر گیا

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) فیصل آباد روڈ مانانوالہ میں خراب ٹرک سڑک سے نیچے کھڑا تھا کہ آئل ٹینکر کا ٹائر پنکچر ہوا اور ٹرک سے ٹکرا گیا آئل ٹینکر میں 50 ہزار لیٹر فرنس آئل تھا آئل ٹینکر ٹکرانے سے تقریباً 10 ہزار لیٹر فرنس آئل سڑک پر گر گیا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر رانا اعجاز احمد کی ہدایات پر ریسکیو ٹیموں نے ایریا کو کارڈن آف کر دیا کسی بھی حادثے سے بچنے کے لیے مقامی پولیس بھی جائے موقع پر موجود رہی ریسکیو ٹیمیں جائے حادثہ پر فرنس آئل دوسرے ٹینکر میں منتقلی تک ہائی الرٹ رہیں جبکہ حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

جی ٹی روڈ پر منوں آباد کے قریب گاڑی کی ٹکر لگنے سے نامعلوم راہگیر جان بحق ہو گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جی ٹی روڈ پر منوں آباد کے قریب گاڑی کی ٹکر لگنے سے نامعلوم راہگیر جان بحق ہو گیا جبکہ تھانہ صدر مرید کے پولیس نے نعش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ گاڑی ڈرائیور کو گرفتار کر لیا ہے۔

تھانہ بھکھی: درندہ صفت نوجوان کی کمسن بچی سے زبردستی زیادتی کی کوشش، بچہ کے شور مچانے پر فرار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ بھکھی کے علاقہ آبادی بھکھی میں درندہ صفت نوجوان نے 8 سالہ کمسن بچی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش کی تو بچی کے شور کرنے پر ملزم فرار ہو گیا جس کی تلاش پولیس نے شروع کر دی ہے متاثرہ بچی نیاب ٹیوشن پڑھنے آئی تھی۔

جہلم محکمہ ایکسائز نے امپورٹڈ گاڑیوں کی بنا آن لائن ویری فیکیشن رجسٹریشن پر پابندی کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ ایکسائز نے امپورٹڈ گاڑیوں کی بنا آن لائن ویری فیکیشن رجسٹریشن پر پابندی عائد کر دی۔ محکمہ ایکسائز کے زرائع کے مطابق کسٹمز حکام کی جانب سے نیلام کی گئی گاڑیوں کی بھی بغیر ویری فیکیشن رجسٹریشن نہیں ہو گی۔ اب امپورٹڈ گاڑیوں کے کاغذات کی آن لائن ویری فیکیشن تک رجسٹریشن نہیں ہو سکے گی، اس سے قبل محکمہ ایکسائز کی جانب سے کاغذات کی مینوئل چیکنگ کے بعد رجسٹریشن کی جاتی تھی۔ مینوئل چیکنگ کے دوران جعلی کاغذات پر نیلامی والی درجنوں گاڑیاں رجسٹرڈ ہونے کا سکینڈل منظر عام پر آیا تھا جس کے بعد ایکسائز کی جانب سے پابندی لگائی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق سے یونیسیف اور نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کے وفد کی ملاقات


اوکاڑہ۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کو یونیسیف اور نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کا وفد بریفنگ دے رہا ہے۔

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق سے یونیسیف اور نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کے وفد کی ملاقات، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ، چائلڈ پروٹیکشن سپیشلسٹ یونیسیف فرح الیاس، عامر حبیب ٹیم لیڈ راو پی ایم، قندیل شجاعت چائلڈ رائٹس ایڈوائزر او پی ایم زجاجہ بیگ کنسلٹنٹ پاورٹی اینڈ سوشل پروٹیکشن او پی ایم بھی موجود تھے، دکانوں کی نیلامی کے چھٹے روز میونسپل کمیٹی اوکاڑہ کی کچہری روڈ لاری اڈا، اندرون بازار کی 39 دکانوں کی نیلامی کروائی گئی جبکہ تحصیل دیپالپور کی مجموعی طور پر 202 دکانوں کی نیلامی کے عمل کا آغاز کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ ضلع بھر کی 1200 سے زائد سرکاری دکانوں کی کرایہ پر نیلامی کا عمل سلسل کے ساتھ جاری ہے اور انجمن تاجران اور دکانداروں کی موجودگی میں صاف شفاف انداز میں میرٹ کی بنیاد پر مارکیٹ ریٹ کے مطابق دکانوں کی نیلامی کرائی جا رہی ہے، تاجروں اور دکانداروں کی سہولت کے لیے نیلامی کے عمل کو انتہائی آسان اور سہل بنایا گیا ہے تاکہ وہ تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے نیلامی کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور میرٹ کی بنیاد پر کاروبار کے لیے دکانیں حاصل کریں، تمام مراحل کو خوش اسلوبی سے پایا تکمیل تک پہنچانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل اداروں کے افسران نگرانی کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ قوانین و ضوابط کے مطابق نیلامی میں حصہ لینے والے دکانداروں کو ان کا حق ضرور دیا جائے گا۔

میونسپل کمیٹی اوکاڑا/ دیپال پور کی دوکانوں کی نیلامی مکمل

لاری اڈا، اندرون بازار کی 39 دکانوں کی نیلامی کروائی گئی


اوکاڑہ۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر نگرانی میونسپل کمیٹی کی دکانوں کی کرایہ پر نیلامی ہو رہی ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر نگرانی میونسپل کمیٹی اوکاڑا اور دیپال پور کی دکانوں کی کرایہ پر نیلامی کا سلسلہ احسن انداز میں جاری ہے، دکانوں کی نیلامی کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو کامران بشیر ڈگر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ سورٹھ مبشر، اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فضل عباس سمیت میونسپل کمیٹی کے افسران اور انجمن تاجران کے نمائندے بھی موجود تھے، دکانوں کی نیلامی کے چھٹے روز میونسپل کمیٹی اوکاڑہ کی کچہری روڈ لاری اڈا، اندرون بازار کی 39 دکانوں کی نیلامی کروائی گئی جبکہ تحصیل دیپالپور کی مجموعی طور پر 202 دکانوں کی نیلامی کے عمل کا آغاز کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ ضلع بھر کی 1200 سے زائد سرکاری دکانوں کی کرایہ پر نیلامی کا سلسلہ سال کے ساتھ جاری ہے اور انجمن تاجران اور دکانداروں کی موجودگی میں صاف شفاف انداز میں میرٹ کی بنیاد پر مارکیٹ ریٹ کے مطابق دکانوں کی نیلامی کرائی جا رہی ہے، تاجروں اور دکانداروں کی سہولت کے لیے نیلامی کے عمل کو انتہائی آسان اور سہل بنایا گیا ہے تاکہ وہ تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے نیلامی کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور میرٹ کی بنیاد پر کاروبار کے لیے دکانیں حاصل کریں، تمام مراحل کو خوش اسلوبی سے پایا تکمیل تک پہنچانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل اداروں کے افسران نگرانی کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ قوانین و ضوابط کے مطابق نیلامی میں حصہ لینے والے دکانداروں کو ان کا حق ضرور دیا جائے گا۔

بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے متعلقہ محکمے کام کر رہے ہیں، فرح الیاس

ضلع بھر میں چائلڈ لیبر کے خلاف موثر اقدامات بھی دور حاضر کی اہم ضرورت ہیں

اوکاڑہ۔ چائلڈ پروٹیکشن سپیشلسٹ یونیسیف فرح الیاس چائلڈ لیبر کے خاتمہ کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس سے کر رہی ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چائلڈ پروٹیکشن سپیشلسٹ یونیسیف فرح الیاس نے ضلع کونسل ہال میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے متعلقہ محکمے کام کر رہے ہیں تاہم ضلع بھر میں چائلڈ لیبر کے خلاف موثر اقدامات بھی دور حاضر کی اہم ضرورت ہیں، اس لیے چائلڈ لیبر کے خاتمہ کے لیے محکمہ لیبر، چائلڈ پروٹیکشن، سوشل ویلفیئر سمیت تمام متعلقہ محکمے مکمت عملی مرتب کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں نبھانے کرنے کے لیے کردار ادا کریں تاکہ چائلڈ لیبر کی روک تھام کی راہ ہموار کی جا سکے، اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی وزیر احمد آغا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیبر نور الامین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد اشتیاق، چائلڈ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ اور دیگر محکموں سمیت یونی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ایس بی سی کا کانفرنس
ڈیجیٹائزیشن کے دور میں فیملی پلاننگ، سماجی رویوں میں تبدیلی
ایس بی ماڈل کو مضبوط کرنے کے لیے کثیر الجہتی حکمت عملی
پنجاب بھر کی ابھرتی ہوئی آبادی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے SBCC کی جدید حل
ڈیجیٹل حل کے ذریعے صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کی تبدیلی، مواقع، چیلنجز، اور مستقبل کے اہم امکانات

بنیہ کی شہادت سے عالمی جنگ والے پیدا ہوتے خطرات

مسلسل چار دنوں سے یہ طے کرلینے کے بعد ہی سوتا ہوں کہ صبح اٹھ کر کونسے موضوع پر لکھنا ہے۔ آنکھ کھلتی ہے تو فکر احساس ہوتا ہے کہ کہاں ہے؟ حالات حاضرہ؟ لکھنے والے کو فوری طور پر ایک اور موضوع پر تبصرہ آرائی کرنا ہوگی۔ بدھ کی صبح اٹھ کر بھی سونے سے قبل طے کئے موضوع کو نظر انداز کرتا پڑا ہے۔

بدھ کی صبح آنکھ کھلی تو واٹس ایپ کے ذریعے کئی دوستوں سے اطلاع موصول ہوئی کہ حماس کے رہنما اسماعیل ہنیہ کو تہران میں نائٹ کلب کلنک کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ صبح نیچے کراچ ہوگیا۔ ”تازہ ترین“ جاننے کے لئے فی الفور دنیا بھر میں بھی ٹویٹر اور اب ایکس کہلائے پلیٹ فارم کے مقابلے میں کوئی اور ذریعہ موجود نہیں ہے۔ کرشمہ کی تجلیوں سے مرصع کسی سرکار نے ہی طے کر رکھا ہے کہ مذکورہ پلیٹ فارم ہمارے سادہ لوح عوام کو ”ٹیکنیکی نیوز“ کی بھرمار کے ذریعے ”فداری“ بنانا چاہے۔ ریاست نے لہٰذا سخت گیر والدہ کی طرح ہم عقلوں کو مفسدات خیالات سے بچانے کے لئے ایکس کی بندش کا فیصلہ کیا۔ مذکورہ فیصلہ ہونے کے باوجود اس پر کامل عمل درآمد نہیں ہوا۔ 24 گھنٹوں میں طویل وقفوں کے بعد تھوڑی دیر کے لئے اسے کھول دیا جاتا ہے۔ میری بدقسمتی کو ڈیٹ کرنے رسائی کے ان وقفوں میں سے ایک وقفہ ہی میرے ہاتھ آیا تھا۔ اس کے دوران میں نے بنیہ کی موت کی تفصیلات معلوم کرنے کے لئے کمرے میں نصب ٹی وی کا ریموٹ ڈھونڈنا پڑا۔ قوم کو ہر وقت ”باخبر“ رکھنے کے دعوے دار مقامی چینل بریکنگ نیوز کے پیچھے چھپے ہوئے تھے۔ بھی ہوتا ہے۔ بھی نہیں ہوتا۔ وطن عزیز میں عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت ہونے کے باوجود اموشرمش وطنی پر گہری نگاہ رکھنے والے ”تجزیہ کاروں“ سے محروم ہے۔ اخبارات اور ٹیلی وژن امریکہ، برطانیہ اور فرانس کی چلائی خبر رساں ایجنسیوں (اے پی، رائٹر اور اے ایف پی) ہی سے ”خبر“ حاصل کرتے ہیں۔

خود کریں تو شہر امن کہلائے کہ اسماعیل ہنیہ کی تہران نائٹ کلب کلنک والی ”خبر“ تہران میں وقوع پذیر ہوئی۔ ایران ہمارا قدیمی ہمسایہ ہے۔ اس کی زبان تھوڑی کوشش کے بعد باآسانی سمجھی جاسکتی ہے۔ مجھے اس ملک کے معاملات کے بارے میں آگاہ رکھنا چاہا ان دنوں بھی رکھ رہا ہے۔ اسی لئے تہران سے متعلق ہر خبر کو بہت غور سے پڑھتا ہوں۔ ایران کی اپنی ایک مخصوص سیاسی اور سماجی روایت ہے۔ اس کے مطابق ہر ایرانی اپنے ملک کے معاملات کے بارے میں ”حرف آخر“ ہونے کا دعوے دار ہوتا ہے۔ اس کے باوجود وہاں کے ”ماہرین“ کی رائے کو بہت احترام سے سنا جاتا ہے۔ ان کی رائے کو ”ذاتی“ کہہ کر نظرانداز نہیں کیا جاتا۔ ایران کے بارے میں ہر خبر کو ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔ اسی لئے ایران کے بارے میں ہر خبر کو ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔ اسی لئے ایران کے بارے میں ہر خبر کو ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔

اسماعیل ہنیہ کی شہادت کی خبر کو بھی ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔ اسماعیل ہنیہ کی شہادت کی خبر کو بھی ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔ اسماعیل ہنیہ کی شہادت کی خبر کو بھی ”ماہرین“ کی رائے کے تناظر میں پرکھا جاتا ہے۔



تحریر۔ ناظم الدین

لاہور میں محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی جانب سے ضلع بھر کی آئی گرین ستارہ اور یو این دوسرے سماجی رویوں میں تبدیلی کے متعلق سٹ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر جرنل پالپیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب شمن رائے، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب ڈاکٹر نائلہ الطاف، ہیلتھ اینڈ فزکس آف پارٹی فی آئی گرین ستارہ شفقت عباس، اور یو این ایف پی اے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر جنرل ٹو ہیلتھ مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی جس میں میڈیا، ایجوکیشن، دیگر سرکاری محکمہ جات سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد موجودہ ڈیجٹل دور میں خاندانی منصوبہ بندی، ماں، اور بچے کی صحت، اور آبادی کے بے ہنگم کنٹرول پر سماجی رویوں میں تبدیلی لانے کے لئے جدید ڈیجٹل ٹیکنالوجی کے استعمال پر روشنی ڈالنا اور فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل پالپیشن ویلفیئر کہنا تھا کہ سماجی رویوں میں تبدیلی ہی میں تہران کے حل کرنے کا راز پوشیدہ ہے۔ حملے اور بہبود کے ذریعے ہی ہم اپنے اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کرسکتی ہیں۔ انہوں نے اس تلخ سچ میں بھی اپنے ہم کار کو رگڑی سراہا اور سماجی رویوں میں مثبت تبدیلی لے کے لئے مزید اقدامات کا ادراہ کرایا۔ شمن رائے نے مخاطب کا کردگی پر روشنی ڈالی اور مستقبل میں کیے جانے والے کے ذریعے مثبت تبدیلی لانے کے لئے کی دیگر اقدامات سے روشناس کروایا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ عوام کی خدمت کے لئے ہر وقت حاضر ہے۔ ایسے حریص اور محنتیاروں پر کامل گرفت کے حامل ہیں جن کی بدولت ”ٹارگٹ“ کی تکمیل ممکن ہوتی ہے۔ اس کے مطابق ہر ایک کو ذمہ داری اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر نائلہ الطاف، ای ڈی او پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں بھی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مزید اقدامات لینے کے اعادہ کیا۔

پنجاب کی ابھرتی ہوئی آبادی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے SBCC کے جدید حل کیلئے بہت سے دوسرے محکموں کی طرح پنجاب بھر کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کو ساتھ لے کر کام کرنا ہے۔ سماجی اور رویے میں تبدیلی کی کمیونیکیشن (SBCC) ان چیلنجوں سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ یہاں کچھ اختراعی SBCC حل ہیں جن میں: وسیع تر سماجی رابطہ کاری، میڈیا، اور آن لائن پلیٹ فارمز کا فائدہ اٹھائیں۔ بیداری اور تعلیم کے ذریعے صحت افزائی کے پیغامات کو پھیلانے کے لیے سوشل میڈیا، مواصلاتی مہمات، اور آن لائن فورمز کا استعمال کریں۔ اس موضوع پر ڈائریکٹر جنرل پالپیشن ویلفیئر کہنا تھا کہ سماجی رویوں میں تبدیلی لانے کے لئے جدید ڈیجٹل ٹیکنالوجی کے استعمال پر روشنی ڈالنا اور فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پالپیشن ویلفیئر کہنا تھا کہ سماجی رویوں میں تبدیلی ہی میں تہران کے حل کرنے کا راز پوشیدہ ہے۔ حملے اور بہبود کے ذریعے ہی ہم اپنے اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کرسکتی ہیں۔ انہوں نے اس تلخ سچ میں بھی اپنے ہم کار کو رگڑی سراہا اور سماجی رویوں میں مثبت تبدیلی لے لئے مزید اقدامات کا ادراہ کرایا۔ شمن رائے نے مخاطب کا کردگی پر روشنی ڈالی اور مستقبل میں کیے جانے والے کے ذریعے مثبت تبدیلی لانے کے کئی دیگر اقدامات سے روشناس کروایا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ عوام کی خدمت کے لئے ہر وقت حاضر ہے۔ ایسے حریص اور محنتیاروں پر کامل گرفت کے حامل ہیں جن کی بدولت ”ٹارگٹ“ کی تکمیل ممکن ہوتی ہے۔ اس کے مطابق ہر ایک کو ذمہ داری اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر نائلہ الطاف، ای ڈی او پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں بھی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مزید اقدامات لینے کے اعادہ کیا۔

خاندانی منصوبہ بندی کے فروغ اور پاکستان کی آبادی سے متعلق مسائل پر قابو پانے کے لئے ہم کار تنظیم بلڈ کلینک کا بھی اظہار کیا گیا کہ ہم کار تنظیم بلڈ کلینک، میڈیا، اور سماجی تنظیموں کے رہنماؤں کی جانب سے سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ تقریب کے اختتام میں ڈاکٹر نائلہ الطاف، ای ڈی او پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ پنجاب نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں بھی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مزید اقدامات لینے کا اعادہ کیا۔





















پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تم جانور ان لوگوں میں سے ہر شخص اپنی رعایا کا نگہبان ہے اور (قیامت کے دن) اس سے اپنی رعایا کے متعلق باز پرس ہوگی۔ لہٰذا امیر جو لوگوں کا حاکم ہو وہ ان کا نگہبان ہے اس سے ان کے متعلق باز پرس ہوگی اور آدمی اپنے گھر والوں کا نگہبان ہے اور اس سے ان کے متعلق پوچھا جائے گا اور عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے اولاد کی نگہبان ہے اس سے ان کے متعلق پوچھا جائے گا غلام اپنے آقا و مالک کے مال کا نگہبان ہے اور اس سے اس کے متعلق پوچھا جائے گا تو (معلوم ہوا کہ) تم میں سے ہر ایک (نگہبان) ہے اور ہر ایک سے اس کی رعایا کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی۔ عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اے عبدالرحمٰن سربراہ مملکت کو ہرگز امارت اور اقتدار کی طلب میں نہ کیونکہ اگر تم نے اسے مانگ کر حاصل کیا تو تم اس کے سپرد کر دیے جاؤ گے اور اگر وہ تمہیں بن مانگے ملی تو تمہاری تائید و مدد تمہارے شامل حال ہوگی۔

ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں دو آدمیوں کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس گیا، ان میں سے ایک نے (اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی رسالت کی) گواہی دی پھر کہا کہ ہم آپ کے پاس اس غرض سے آئے ہیں کہ آپ ہمیں اپنی حکومت کے کام میں مدد دیجئے دوسرے نے بھی اسی طرح کہا۔ آپ نے فرمایا خدا کی قسم ہم اپنے کام میں کسی ایسے شخص سے مدد نہیں لیتے جو خود طلب کرے۔ اور ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم ہم اپنے کام پر کسی ایسے شخص کو نہیں مقرر کرتے جو خود اس کی طلب کرے یا اس کی حرص رکھتا ہو۔ ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم ہم اپنے کام پر کسی ایسے شخص کو نہیں مقرر کرتے جو خود اس کی طلب کرے



کشمیر سپر لیگ کرکٹ کی دنیا کا بڑا میلہ سجے گا

پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی شاہد خان آفریدی لیگ کے سپریم ایمبیسیڈر بن گئے، پاکستان اور آزاد کشمیر سے نئے ٹیلنٹ کی تلاش میں ٹرائلز کا آغاز 13 اگست سے مظفر آباد سے کیا جائے گا

اسلام آباد/مظفر آباد (این این آئی) شائقین کرکٹ کے انتظار کی گھڑیاں ختم، کرکٹ کی دنیا کا بڑا اور رنگا رنگ میلہ کشمیر سپر لیگ کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں، پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی شاہد خان آفریدی لیگ کے سپریم ایمبیسیڈر بن گئے۔ کشمیر کے قدرتی حسن، ثقافت اور سیاحت کو اجاگر کرنے کے لیے آزاد کشمیر کے مختلف اضلاع کے نام پر پانچ ٹیموں کے علاوہ پہلی مرتبہ گلگت بلتستان کی ٹیم کو قومی سطح پر کھیلنے کا موقع ملے گا۔ اس لیگ میں پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی بھی جلوہ گر ہونگے۔ پاکستان اور آزاد کشمیر سے نئے ٹیلنٹ کی تلاش میں ٹرائلز کا آغاز 13 اگست سے مظفر آباد سے کیا جائے گا۔ لیگ فار پیس کے منفرد نام سے منعقدہ اس لیگ میں پاکستان اور آزاد کشمیر میں 19 سنسنی خیز میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلی مرتبہ قومی سطح پر آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے ہر ٹیم میں چھ کشمیری کھلاڑیوں کے علاوہ 6 پروفیشنلز بھی شامل کیے جائیں گے۔ لیگ کا آفیشل سانگ مشہور کشمیری گلوکارہ بانو رحمت گائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ چھ سال سے ایک منفرد لیگ کا عزم لیے پاکستان اور آزاد کشمیر میں کھیلوں کے شعبے کی سرپرستی کرنے والے معسود احمد خان اور انکی ٹیم کی جانب سے لیگ فار پیس کے نام سے کرکٹ کی دنیا کے بڑے میلے کشمیر سپر لیگ کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئی ہیں۔



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا جشن آزادی آصف علی زرداری سپورٹس سائیکل ریلی کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

چینی اسکواش حکام نے لاس اینجلس اولمپکس کی تیاری شروع کردی

چین نے شاہد زمان کو اولمپکس کی تیاریوں کیلئے کوچنگ کی پیشکش کردی

سابق ورلڈ نمبر 17 ان دنوں امریکا میں اسکواش کی کوچنگ کررہے ہیں

شنگھائی (این این آئی) چینی اسکواش حکام نے لاس اینجلس اولمپکس کی تیاری شروع کردی، چین کی اسکواش فیڈریشن نے پاکستان کے سابق کھلاڑی شاہد زمان سے رابطہ کرلیا۔ چین نے شاہد زمان کو اولمپکس کی تیاریوں کیلئے کوچنگ کی پیشکش کردی، شاہد زمان ان دنوں دو ہفتے کے کوچنگ کیمپ کیلئے شنگھائی میں موجود ہیں۔ شاہد زمان کو شنگھائی اسکواش ایسوسی ایشن نے کھلاڑیوں کے کیمپ کیلئے بلایا ہے، سابق ورلڈ نمبر 17 ان دنوں امریکا میں اسکواش کی کوچنگ کررہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق شاہد زمان نے فوری طور پر چین کی کوچنگ کی ذمہ داری سے معذرت کی ہے، وہ 2026 کے بعد اگلے اولمپکس سے دو سال قبل چین کی کوچنگ کیلئے دستیاب ہوں گے۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی (آئی او سی) نے لاس اینجلس اولمپکس میں اسکواش کو شامل کیا ہے۔

بھارتی خاتون ریسلر ونیش پھوگاٹ نے بھارت کیلئے نئی تاریخ رقم کردی



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی خاتون ریسلر ونیش پھوگاٹ نے بھارت کیلئے نئی تاریخ رقم کردی۔ ونیش پھوگاٹ اولمپکس کے ویمن ریسلنگ ایونٹ کے فائنل میں پہنچنے والی پہلی بھارتی ایتھلیٹ بن گئیں۔ ونیش ڈیڑھ سال تک مشکلات میں رہیں، بھارتی ریسلنگ فیڈریشن عہدیداروں پر ہراسانی کے الزامات کے بعد مظاہروں میں اہم کردار ادا کیا۔ ونیش فٹ پاتھ پر بھی سوئیں، پولیس کے ڈنڈے کھائے، میڈلز گنگا میں بہانے کا ارادہ بھی بنایا، بھارتی حکمران جماعت بی جے پی نے بھی ان پر وار کیے، گھٹنے کی انجری کا شکار بھی رہیں لیکن سب سے نکل کر دشوار گزار کوالیفائینگ راؤنڈ کھیلے۔ ونیش نے تمام تر رکاوٹوں کو پار کر کے اولمپکس میں جگہ بنائی اور اب بھارت کیلئے تاریخ رقم کردی۔

کینیا کی بیٹریس چیپٹ نے ویمنز 5000 میٹر دوڑ میں طلائی تمغہ جیت لیا

پیرس (این این آئی) اولمپک گیمز ایتھلیٹکس میں کینیا کی بیٹریس چیپٹ نے ویمنز 5000 میٹر دوڑ کے مقابلے میں طلائی تمغہ جیت لیا۔ کینیا کی ہی ایتھلیٹ فیتھ کیپیکون نے ان مقابلوں میں دوسری پوزیشن کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ نیدرلینڈز کی ایتھلیٹ سیفان حسن نے کانسی کا تمغہ حاصل کیا میڈیا رپورٹ کے مطابق اولمپک گیمز ایتھلیٹکس میں کینیا کی بیٹریس چیپٹ نے خواتین کی 5000 میٹر دوڑ کے فائنل میں مطلوبہ فاصلہ 14 منٹس اور 56.28 سیکنڈز میں طے کر کے طلائی تمغہ جیت لیا۔ خواتین کی 5000 میٹر دوڑ میں کینیا کی ہی ایتھلیٹ فیتھ کیپیکون نے 14 منٹ 60.29 سیکنڈز کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا جبکہ نیدرلینڈز کی ایتھلیٹ سیفان حسن عنتیسری پوزیشن کے ساتھ کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

لیجنڈز کھلاڑیوں کا بھی اولمپکس میں قوم کیلئے میڈل کی واحد امید ارشد ندیم کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

پیرس (این این آئی) کرکٹ، ہاکی و دیگر کھیلوں کے لیجنڈز کھلاڑیوں نے بھی اولمپکس میں قوم کیلئے میڈل کی واحد امید ارشد ندیم کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کی جیت کی خواہش سے ہی قوم پرجوش ہوگئی ہے اور قوم نے دعائیں شروع کردیں۔ شاہد آفریدی، اعصام الحق، مشتاق احمد، طاہر زمان، پلوشہ بشیر سمیت کئی ستاروں نے ارشد ندیم کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ ہر دل کی آواز، ہر لب پر دعائیں اور نیک تمنائیں ہیں کہ ارشد ندیم پیرس میں سبز ہلالی پرچم بلند کریں۔ ملک کے اسٹارز اور پوری قوم دعا گو ہے کہ ارشد ندیم اولمپکس کے جیولن تھرو مقابلے میں طلائی تمغہ جیتیں۔

خاتون تیراک کو اولمپکس ویلیج سے نکال دیا گیا



پیرس (این این آئی) پیراگوئے کی خاتون تیراک کو نامناسب ماحول پیدا کرنے کا الزام میں اولمپکس ویلیج سے نکال دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیراگوئے کی لوانا الونسو کو پیرس اولمپکس کی کمیٹی نے نامناسب ماحول پیدا کرنے کے الزام میں اولمپکس ویلیج سے نکال دیا گیا، 27 جولائی کو خاتون تیراک نے 100 میٹر بٹرفلائی ریس میں سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ اولمپکس کمیٹی کے مطابق لوانا الونسو نے گیمز کے قوانین کی خلاف ورزی کی، اولمپین مقابلے کے بعد گھومنے پھرنے کیلئے پیرس کے ڈزنی لینڈ چلی گئیں، جس کے باعث انہیں نکالا گیا۔ دوسری جانب پیراگوئے کی اولمپک کمیٹی کی باس لاریسا شیرر نے ایک بیان میں کہا کہ خاتون تیراک کی موجودگی ٹیم میں نامناسب ماحول پیدا کررہی ہے۔ 20 سالہ لوانا الونسو نے اولمپکس ویلیج سے نکالے جانے پر انسٹاگرام پر ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے لکھا کہ میں تیراکی سے ریٹائر ہورہی ہوں، تعاون کیلئے تمام مداحوں کا بہت بہت شکریہ!

بنگلہ دیش کی کشیدہ صورتحال: آئی سی سی ویمنز 20 ورلڈ کپ خطرے میں

ورلڈ کپ کے بیک اپ وینیوز میں بھارت، سری لنکا اور متحدہ عرب امارات شامل

نواں ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 بنگلادیش میں 3 سے 20 اکتوبر تک شیڈول

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش میں سیاسی کشیدگی کے باعث رواں سال اکتوبر میں ہونے والے آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا انعقاد خطرے میں پڑ گیا۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق بنگلادیش کے موجودہ سیاسی حالات کے پیش نظر ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے بیک اپ وینیوز میں بھارت، سری لنکا اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔ دوسری جانب آئی سی سی کے ترجمان نے بتایا کہ بنگلادیش میں صورتحال کو مانیٹر کیا جارہا ہے، صورتحال سے متعلق آئی سی سی، بنگلادیش کرکٹ بورڈ سے رابطے میں ہے۔ آئی سی سی ترجمان نے کہا کہ ہماری پہلی ترجیح ایونٹ میں شریک ہونے والے ممالک کی کھلاڑیوں کی حفاظت ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق 3 ممالک نے اپنے شہریوں کو بنگلادیش کے لیے ٹریول ایڈوائزری جاری کی ہے۔ واضح رہے کہ نواں آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 بنگلادیش میں 3 سے 20 اکتوبر تک شیڈول ہے۔

شاہین شاہ آفریدی سے ایک سیریز کے بعد ہی ٹیسٹ ٹیم کی نائب کپتانی بھی واپس

لاہور (چوہدری عمران شوکت) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی سے ایک سیریز کے بعد ہی ٹیسٹ ٹیم کی نائب کپتانی بھی واپس لے لی گئی ہے جس پر کھیل کے حلقوں میں مختلف قسم کے تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔ رواں جنوری میں دورہ آسٹریلیا کے دوران فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کو کپتان شان مسعود کا نائب مقرر کیا گیا تھا تاہم محض ایک سیریز کے بعد ورک لوڈ کا بہانہ بنا کر بورڈ نے انکی جگہ سعود شکیل کو ذمہ داری سونپ دی۔ اس سے قبل شاہین آفریدی کو نیوزی لینڈ کیخلاف محض ایک ٹی 20 سیریز کے بعد کپتانی سے ہٹا دیا تھا اور بابر اعظم کو دوبارہ قیادت کے فرائض سونپ دیئے تھے۔

سعودی خاتون تائیکوانڈو کھلاڑی نے اسرائیلی حریف کو شکست دیدی



پیرس (ڈیلی پاکستان آن لائن) پیرس اولمپکس میں خواتین کے تائیکوانڈو مقابلے میں سعودی عرب کی ایتھلیٹ دنیا ابو طالب نے اسرائیلی حریف کو شکست دیکر کوارٹر فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ عرب میڈیا کے مطابق فرانس کے دارالحکومت پیرس میں گزشتہ روز ہونیوالے ویمنز تائیکوانڈو انڈر 49 کلوگرام ویٹ کلاس کے راونڈ آف 16 مقابلے میں دنیا ابو طالب نے اسرائیلی ایتھلیٹ ابیشگ سیمبرگ کو 1-2 سے شکست دی۔ دنیا ابو طالب کو مقابلے کے پہلے راونڈ میں 2-6 سے شکست ہوئی تھی تاہم دوسرے اور تیسرے راونڈ میں

عرفان محسود نے اٹلی کے مارسیلو فیری کے دو ریکارڈ توڑ دیے



روم (این این آئی) پاکستان کے مارشل آرٹس کھلاڑی عرفان محسود نے اٹلی کے مارسیلو فیری کے دو ریکارڈ توڑ دیے۔ عرفان محسود نے پاؤں کے انگوٹھے سے 40 پاؤنڈ وزن 3 منٹ 20 سیکنڈ تک اٹھا کر عالمی ریکارڈ بنا دیا۔ اٹلی کے مارسیلو نے 40 پاؤنڈ وزن ایک منٹ 32 سیکنڈ تک اٹھا کر عالمی ریکارڈ بنایا تھا۔ عرفان محسود نے پاؤں کے انگوٹھے سے 70 کلو وزن اٹھا کر نیا عالمی ریکارڈ بھی بنا دیا ہے جبکہ مارسیلو نے پاؤں کے انگوٹھے سے 56 کلو وزن اٹھا کر عالمی ریکارڈ بنایا تھا۔ عرفان محسود 8 سال میں 100 گنیز ورلڈ ریکارڈز بنانے والے پہلے پاکستانی ہیں، گنیز انتظامیہ نے ریکارڈ کا تصدیقی سرٹیفکیٹ جاری کردیا ہے۔

'جینا حرام نہ کریں' پاکستانی ایتھلیٹ ثمر خان لاہور ایئر پورٹ کسٹم سے نالاں

اسٹور کے کرایہ کی مد میں 50 ہزار روپے کا تقاضہ کررہے ہیں، ثمر خان کا سوشل میڈیا پر پیغام



لاہور (شیروز میاں) سائیکلنگ کے منفرد ریکارڈ اپنے نام کرنے والی پاکستانی خاتون ایتھلیٹ ثمر خان نے ایک مرتبہ پھر ناقص اور فرسودہ نظام کی جانب نشاندہی کرتے ہوئے اپنے مسائل کے حل کے لیے سوشل میڈیا کا سہارا لیا ہے۔ سماجی روابط کی ویب سائٹ ایکس پر انہوں نے ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انہوں نے لاہور کسٹم حکام پر کڑی تنقید کی ہے اور ساتھ ہی ملک میں ایتھلیٹ کے مسائل کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ 'ہم پورا سال اسپانسر کے پیچھے خوار ہو کر اسپورٹس کیلئے وسائل جمع کرتے ہیں، اگر کوئی انٹرنیشنل برانڈ کوئی اسپورٹس آئٹم اسپانسر کرتا ہے تو کسٹم والے پکڑ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ثمر خان نے بتایا کہ 'تین ہفتے سے لاہور انٹرنیشنل کسٹم حکام ماؤنٹ سائیکلنگ میں استعمال ہونے والے شوز ریلیز نہیں کررہے اور اسٹور کے کرایہ کی مد میں 50 ہزار روپے کا تقاضہ کررہے ہیں'۔ انہوں نے زور دیا کہ 'اگر آپ کی ترجیح اسپورٹس نہیں ہے تو کم از کم ایتھلیٹ کا جینا تو حرام نہ کریں، جو مسائل ہم خود اریجن کرتے ہیں وہ ہمارے تک پہنچیں دیں' ثمر خان نے کہا کہ 'مجھے میرے اسپورٹس شوز اپنے گھر کے ایڈریس پر چاہیے اور اس حوالے سے صارفین اپنا کردار ادا کریں۔



پاکستانی فنکار بہترین کام کرتے ہیں، گلوکارہ سنیدھی چوہان

جب بھی میں امریکا اور برطانیہ جاتی ہوں تو وہاں بہت سارے پاکستانی فینز سے ملتی ہوں

ممبئی (این این آئی) بھارت کی مقبول گلوکارہ سنیدھی چوہان نے پاکستانی موسیقی اور فنکاروں کی تعریف کی ہے۔ بالی وڈ کی بیشتر فلموں میں اپنی آواز کا جادو جگانے والی سنیدھی چوہان نے ایک انٹرویو میں پاکستانی موسیقی اور گلوکاروں کے حوالے بات کرتے ہوئے کہا کہ سب کو معلوم ہے میں نے بہت سے پاکستانی فنکاروں کے ساتھ کام کیا ہے، وہ بہترین کام کرتے ہیں۔ گلوکارہ نے کہا کہ میں انہیں پاکستانی اس لیے کہتی ہوں کیونکہ ہم ایک جیسے ہیں، ہم ایک ہی زبان بولتے ہیں، ہم ایک دوسرے کی طرح نظر آتے ہیں، ہماری خوراک اور ثقافت ایک جیسی ہے۔ سنیدھی نے یہ بھی کہا کہ جب بھی میں امریکا اور برطانیہ جاتی ہوں تو وہاں بہت سارے پاکستانی فینز سے ملتی ہوں تو میں کہتی ہوں ہم سب ایک جیسے لوگ ہیں، پاکستانی میوزک انڈسٹری ایک بڑی انڈسٹری ہے۔

شاہ رخ خان کو انٹرنیشنل لوکارنو فلم فیسٹیول میں خصوصی ایوارڈ دیا جائے گا



جنیوا (این این آئی) بالی وڈ کے کنگ شاہ رخ خان کو انٹرنیشنل لوکارنو فلم فیسٹیول میں خصوصی ایوارڈ دیا جائے گا۔ بھارتی میڈیا ذرائع کے مطابق اداکار کو سینما کیلئے فنکارانہ خدمات پر 'پاردو ایلا کوریرا' ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ فیسٹیول کے آرٹسٹک ڈائریکٹر گیونا اے کے مطابق شاہ رخ خان ایک ایسے بادشاہ ہے جنہوں ں ے ان ناظرین کو بھی مایوس نہیں کیا جن مداحوں نے ان کے سر پر تاج رکھا۔ گیونا اے کا مزید کہنا تھا کہ شاہ رخ خان ایک بہادر اور جرات مند فنکار ہیں جو ہمیشہ ایک نئے چیلنج کیلئے تیار رہتے ہیں۔ یاد رہے کہ 77 واں لوکارنو فلم فیسٹیول 17 اگست تک جاری رہے گا جس میں 225 فلمیں دکھائی جائیں گے، 104 فلموں کے پریمیئر ہوں گے جبکہ 15 فلموں کا وہاں ڈیبیو ہوگا۔

''ینگ اسٹرز'' بھارت میں پرفارم کرینگے، کنسرٹس کا انعقاد 13 دسمبر سے 25 دسمبر تک متوقع

کراچی (این این آئی) 'ینگ اسٹرز' کے نام سے مشہور پاکستانی گلوکار طلحہ انجم اور طلحہ یونس کے بھارت میں کنسرٹ سے متعلق خبریں گردش کررہی ہیں۔ طلحہ انجم اور طلحہ یونس اب تک دنیا کے کئی ممالک میں کنسرٹس کرچکے ہیں اور اب یہ خبر سامنے آئی ہے کہ یہ رواں برس دسمبر میں بھارت جائیں گے، ان کے کنسرٹ بھارت کے شہر بنگلورو، دہلی اور ممبئی میں شیڈول ہیں۔ بھارت میں 'ینگ اسٹرز' کے اس دورے کے انتظامات 'اسکل باکس' کی جانب سے کیے جارہے ہیں، ان کے کنسرٹس کا انعقاد 13 دسمبر سے 25 دسمبر تک متوقع ہے۔ 'ینگ اسٹرز' بھارت میں اپنے پہلے ٹور کا آغاز 13 دسمبر کو ممبئی سے کریں گے جس کے بعد 21 دسمبر کو بنگلورو میں جبکہ 25 دسمبر کو دہلی میں پرفارم کریں گے۔

پاور لفٹر خاتون کھلاڑی نے فضا علی کو لائیو شو کے دوران کندھوں پر اٹھالیا

لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر اداکارہ، گلوکارہ و میزبان فضا علی کے مارننگ شو سے ایک کلپ وائرل ہے۔ اس وائرل کلپ میں اداکارہ کو تین پاور لفٹر کھلاڑیوں، گولڈ میڈل یافتہ بہنوں کی میزبانی کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ فضا علی نے اپنے مارننگ شو میں ان معروف بہنوں کا تعارف کروارہی ہیں۔ پاور لفٹر لڑکیوں کی جانب سے فضا علی کو اپنے خاندان، والد کی جانب سے ملنے والی بے انتہا حوصلہ افزائی اور کریئر میں والدہ کے کردار پر بات کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ مارننگ شو کے دوران جہاں ان بہنوں کی کہانی نے ناظرین کو متاثر کیا وہیں لائیو ٹی وی پر ایک بہن نے اداکارہ فضا علی کو اپنے کندھوں پر اٹھالیا۔

استنبول میں بالی وڈ اداکار پر حملہ، سامان چوری کرنے کی کوشش



استنبول (این این آئی) ٹیلنٹم اور مشن مجنو جیسی مشہور بالی وڈ فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے اشوتھ بھٹ پر ترکیے کے شہر استنبول میں نامعلوم افراد نے حملہ کردیا۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں اشوتھ بھٹ نے حال ہی میں استنبول میں پیش آئے واقعہ کے بارے میں لب کشائی کی۔ اداکار نے بتایا کہ وہ گزشتہ دنوں چھٹیاں گزارنے استنبول گئے، ان کے دوستوں نے انہیں پہلے ہی وہاں جیب کتروں سے خبردار کر دیا تھا۔ اشوتھ بھٹ نے کہا کہ میں استنبول میں پیدل سڑک پر چل رہا تھا کہ اچانک نامعلوم افراد کے ایک گروپ نے ان پر حملہ کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک آدمی میرے قریب آیا اور اس کے ہاتھ میں ایک زنجیر تھی، اس سے پہلے کہ میں پوری طرح سمجھ پاتا کہ کیا ہورہا ہے، اس نے مجھے اس سے پیٹھ پر مارا اور پھر میرا بیگ چھیننے کی کوشش کی۔ اداکار نے مزید بتایا کہ میں نے جوابی کارروائی کی کوشش کی اور اس دوران ایک کیب ڈرائیور بھی مجھے بچانے کے لیے آیا، جس کے بعد وہ نامعلوم افراد موقع سے فرار ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے فوراً مقامی پولیس کو واقعے کی اطلاع دی۔ واضح رہے کہ اشوتھ بھٹ ایک سینئر اداکار اور مصنف ہیں جو کئی ہٹ فلموں کا حصہ رہے ہیں جن میں عالیہ بھٹ کی راضی، سدھارتھ ملہوترا کی مشن مجنو، سیتا رام، فیئنٹم، حیدر، اور دیگر شامل ہیں۔

برطانیہ کا ویزا مسترد ہونے پر سنجے دت سن آف سردار 2 سے ڈراپ

لندن (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار اور معروف ایکشن ہیرو سنجے دت برطانیہ کا ویزا مسترد ہونے کے باعث فلم 'سن آف سردار 2' سے ڈراپ کردیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق سنجے دت کا ویزا 1993ء میں انکی گرفتاری کی وجہ سے مسترد ہوا ہے۔ واضح رہے کہ 2012 کی فلم سن آف سردار کی سیکوئل سن آف سردار 2 کی شوٹنگ برطانیہ میں ہوگی۔ 12 برس بعد بننے والی اس سیکوئل میں اجے دیوگن اور سنجے دت کو لڑتے ہوئے دکھایا جانا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ویزا درخواست مسترد ہونے کے بعد اب سنجے دت کی جگہ فلم میں روی کشن کو لیا گیا ہے۔ اسکاٹ لینڈ میں فلم کی شوٹنگ طے ہے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق 1993 میں ممبئی دھماکوں کے الزام میں گرفتاری کے بعد سنجے دت نے امریکا کا سفر کیا اور انھوں نے متعدد بار برطانیہ کے ویزے کے لیے درخواست دی لیکن انھیں کبھی ویزا نہیں دیا گیا۔ اگر انھیں ویزا مل جاتا تو یہ انکا برطانیہ کا پہلا ٹرپ ہوتا۔ فلم میں سنجے کے علاوہ اجے دیوگن اور مرونل ٹھاکر بھی شامل ہیں لیکن اب سنجے کی جگہ روی کشن آگئے ہیں۔

جیا بچن کا نام ایک مرتبہ پھر راجیہ سبھا میں موضوعِ بحث بن گیا

ممبئی (این این آئی) نامور اداکارہ اور بھارتی سیاستدان جیا بچن کا نام ایک مرتبہ پھر راجیہ سبھا میں موضوعِ بحث بن گیا۔ گزشتہ ہفتے جیا بچن راجیہ سبھا میں اپنے نام کے ساتھ ایتابھ بچن کا نام جوڑنے پر پھٹ پڑی تھیں۔ راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نارائن نے جیا بچن کو پارلیمنٹ ہاؤس کے سیشن میں خطاب کیلئے مدعو کرتے ہوئے مخاطب کیا تھا کہ 'شریمتی جیا ایتابھ بچن جی پلیز'۔ جیا بچن نے ڈپٹی چیئرمین سمیت سب کو یاد دہانی کرائی کہ الگ سے ان کی اپنی بھی ایک پہچان ہے، انہوں نے کہا کہ 'صرف جیا بچن بولتے تو کافی ہوجاتا۔ جیا بچن نے کہا کہ یہ کچھ نیا طریقہ ہے کہ عورتیں اپنے شوہر کے نام سے جانی جائیں، ان کی اپنی کوئی شناخت نہیں، ان کی اپنی کوئی حاصلات نہیں۔

پاکستان میں بہت عزت ملی، اداکارہ ممتاز

کراچی (این این آئی) ماضی کی شہرت یافتہ ہیروئین اور بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ ممتاز نے اپریل میں اپنے دورہ پاکستان کے لمحات کو شیئر کیا ہے، جہاں انھوں نے پاکستانی اداکاروں فواد خان اور گلوکار راحت فتح علی خان سے ملاقاتیں کیں۔ انھوں نے اس موقع پر بھارت میں پاکستانی فنکاروں پر عائد پابندی اٹھانے کا مطالبہ بھی کیا۔ بھارتی میڈیا سے انٹرویو میں 77 سالہ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ اداکار فواد خان نے ان کے دورے کے موقع پر انکی دعوت کیلئے ایک پورے ریسٹورنٹ کو بک کیا تھا۔ اس دوران ریسٹورنٹ میں میرے ساتھ صرف فواد کی اہلیہ اور بچے موجود تھے۔ ممتاز نے فواد خان کے ساتھ ملاقات کی تصاویر بھی شیئر کی ہیں۔ ممتاز نے کہا کہ راحت فتح علی خان اس دوران علیل تھے انھوں نے اسکے باوجود میرے لیے غزلیں گائیں، جو میری قدر افزائی تھی۔ انھوں نے کہا کہ پاکستانی فنکاروں نے نہایت ہی گرمجوشی سے انکی مہمان نوازی کی، یہ سب دیکھ کر مجھے لگا کہ میں ابھی بھی ممتاز ہوں۔

دانیہ شاہ نے عامر لیاقت سے اور مجھ سے دولت کی خاطر شادی نہیں کی، شوہر



کراچی (ویب ڈیسک) ٹک ٹاکر دانیہ شاہ کے دوسرے شوہر حکیم شہزاد لوہا پاڑ نے کہا ہے کہ دانیہ شاہ نے نہ تو مرحوم عامر لیاقت سے نہ ہی ان سے دولت کی خاطر شادی کی ہے، وہ بادشاہ زنانی ہیں۔ حکیم شہزاد لوہا پاڑ نے حال ہی میں ایک انٹرویو دیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ دانیہ شاہ اور حکیم شہزاد نے گزشتہ ہفتے اپنے شادی کی تصدیق کی تھی۔ اس سے قبل دانیہ شاہ نے مرحوم عامر لیاقت سے شادی کی تھی جب کہ حکیم شہزاد لوہا پاڑ نے بتایا تھا کہ ان کی چوتھی شادی ہے۔ اب ان کی ویڈیو وائرل ہورہی ہے، جس میں وہ بتاتے ہیں کہ دانیہ شاہ سے شادی کے بعد ان کی قسمت کھل گئی، ان کی حکمت کے کام کے ہاں گاہکوں کی لائن لگ چکی ہے، ان پر ڈالروں کی بارش ہورہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ وہ دانیہ شاہ پر حکمرانی کرنا ہی نہیں چاہتے، وہ ان کی طرف سے مکمل آزاد ہیں۔ ان کے مطابق دانیہ شاہ کی اپنی مرضی ہے، وہ جو چاہیں کریں، اگر وہ اداکاری کرنا چاہتیں ہیں تو بھی وہ آزاد ہیں جب کہ وہ سیاست میں جانا چاہیں تو بھی ان کی مرضی ہے۔ حکیم شہزاد کا کہنا تھا کہ وہ رن مرد قسم کے شخص ہیں، ابھی بھی برتن دھو کر آئے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

جہلم :۔سبزیوں پھلوں، روٹی نان، آٹے کی قیمتوں کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا، ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی کا پرائس مجسٹریٹس کے ہفتہ وار کارکردگی کے اجلاس سے گفتگو



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سبزیوں پھلوں، روٹی نان، آٹے کی قیمتوں کو مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری ریٹ لسٹ سے زائد وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں تاکہ ناجائز منافع خوری کی حوصلہ شکنی ہوسکے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے پرائس مجسٹریٹس کے ہفتہ وار کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے اجلاس میں کہی۔ اجلاس میں اشیاء خوردونوش کی سپلائی و ڈیمانڈ، قیمتوں کے اتار چڑھاؤ اور دستیابی کا جائزہ لیا گیا۔ گزشتہ ہفتے کے دوران کی گئی کارروائیوں بارے اجلاس کو تفصیلی آگاہ کیا گیا۔

قوت کی خبر پر ایکشن: بغیر ڈالے ٹرالیوں کی پکڑ دھکڑ شروع

فی ٹرالی کو دو ہزار روپے جرمانہ بغیر ترپال شہر میں داخل نہ ہونے کی ہدایت

شورکوٹ (نمائندہ قوت) قوت کی خبر پر ایکشن کہ بغیر ڈالے کے دھول اڑاتی ٹرالیوں نے شور کوٹ کے شہریوں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے انچارج ٹریفک پولیس شورکوٹ مہر غوث نول نے بغیر ڈالے ٹرالیوں کی پکڑ دھڑ شروع کردی اور فی ٹرالی کو دو ہزار روپے جرمانہ اور ڈالوں کو درست کرنے مٹی ٹرالی کے اوپر ترپال ڈال کر شہر میں داخل ہونے کی ہدایت

بیٹوں نے ملکیتی دوکان جعل سازی سے چھین لی ہے، محمد اکرم

خدمت گار بابا محمد شفیق ڈوگر کی درخواست پر تھانہ اربن ایریا کا فوری نوٹس، انصاف کی یقین دہانی



سرگودہا: خدمت گار بابا محمد شفیق ڈوگر کو 70 سالہ بزرگ محمد اکرم اپنے بیٹوں کے ظلم وستم بارے بتا رہے ہیں

سرگودہا (بیورو رپورٹ) بزرگ بعمر 70 سال محمد اکرم ولد ضمیر احمد سکنہ بلاک نمبر 11 سرگودہا خواجہ شیلٹر ہوم (پناہ گاہ) میں آ گئے جہاں پر انہوں نے بتایا کہ میرے 6 بچے ہیں جن میں 4 بیٹے اور 2 بیٹیاں ہیں۔ میرے بیٹوں نے مجھ سے میری ملکیتی دکان دھوکے اور جعلسازی سے چھین لی ہے' مجھے گھر میں رہنے نہیں دیتے' مارتے اور گالیاں دیتے ہیں۔ محمد اکرم نے بتایا کہ میں ایک بیمار آدمی ہوں' میرے بیٹے نہ مجھے خرچہ دیتے ہیں اور نہ ہی میڈیسن لیکر دیتے ہیں جس سے میں سخت تکلیف اور کرب میں مبتلا رہتا ہوں۔ محمد اکرم نے کہا کہ خواجہ شیلٹر ہوم میں مجھے پناہ دی جائے اور میری آواز کو اعلیٰ حکام تک پہنچایا جائے۔ خدمت گار بابا محمد شفیق ڈوگر نے محمد اکرم کی درخواست پر فوری نوٹس لیتے ہوئے تھانہ اربن ایریا سرگودہا کو محمد اکرم کی درخواست دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ہمارے معاشرے کا بھیانک چہرہ ہے جہاں پر ایک بوڑھے باپ کو اسی کے بیٹے ہی گالیاں دیتے اور مارتے پیٹتے ہیں۔ ہم انشاء اللہ محمد اکرم کو انصاف دلوائیں گے۔

مرکزی انجمن تاجران اتحاد نے تاجر دوست سکیم کو مسترد کر دیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران اتحاد کے صدر ملک ہمایوں شہزاد و دیگر رہنماؤں نے تاجر دوست سکیم کی نام نہاد اور تاجر دشمن ٹیکس کے نوٹیفیکیشن کو مسترد کر دیا ہے۔ حافظ آباد کے تاجران کسی بھی صورت تاجر دوست سکیم کے نوٹیفیکیشن کو نہیں مانتے۔ اس کیخلاف سخت احتجاج کریں گے۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر تاجران پر بلا جواز ٹیکس کے خاتمے تک احتجاج کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی انجمن تاجران اتحاد کے صدر ملک ہمایوں شہزاد نے دیگر تاجر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس میں کیا۔

ناقابل برداشت دودھ کی قیمتیں اور ناقص دودھ کی فروخت: قلعہ احمد آباد کے شہری پریشان

دودھ فروشوں نے خود ساختہ مہنگائی کرتے ہوئے دودھ کی قیمت 220 روپے فی لیٹر تک بڑھا دی

خود ساختہ مہنگائی ختم کی جائے، قلعہ احمد آباد کے باسیوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ

ناروال (بیورو رپورٹ قوت) قلعہ احمد آباد کے مختلف علاقوں میں ناقص اور مضر صحت دودھ کی فروخت نے شہریوں کو پریشان کر دیا ہے۔ دودھ میں کیمیکل کی ملاوٹ کی وجہ سے لوگ مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں، جبکہ دودھ فروشوں نے خود ساختہ مہنگائی کرتے ہوئے دودھ کی قیمت 220 روپے فی لیٹر تک بڑھا دی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے سرکاری نرخوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے دکاندار من مانی قیمتوں پر دودھ فروخت کر رہے ہیں، جس سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے اپیل کی ہے کہ وہ اس صورتحال کا نوٹس لیں اور دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹوں کی آویزاں یقینی بنائیں۔ اس کے علاوہ شہریوں نے پرائس مجسٹریٹ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر ناروال خود ساختہ مہنگائی کرتے ہوئے دودھ کی قیمت 220 روپے فی لیٹر تک بڑھا دی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے سرکاری نرخوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے دکاندار من مانی قیمتوں پر دودھ فروخت کر رہے ہیں، جس سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے اپیل کی ہے کہ وہ اس صورتحال کا نوٹس لیں اور دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹوں کی آویزاں یقینی بنائیں۔ اس کے علاوہ شہریوں نے پرائس مجسٹریٹ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر ناروال خود ساختہ مہنگائی کرتے ہوئے دودھ کی قیمت 220 روپے فی لیٹر تک بڑھا دی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری کارروائی نہ کی گئی تو یہ صورتحال مزید سنگین ہو سکتی ہے۔

جہلم یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے چینی کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ کرلیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے چینی کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم پیکیج کے تحت چینی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فیصلے پر اطلاق کے بعد یوٹیلیٹی اسٹورز پر بغیر سبڈی والی چینی کی قیمت بھی فی کلو 5 روپے بڑھ جائے گی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز پر گھی کی قیمت 58 روپے فی کلو بڑھا دی گئی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق گزشتہ روز سے کیا جا چکا ہے جس کے بعد وزیر اعظم پیکیج کے تحت چینی کی فی کلو قیمت 114 روپے جبکہ عام صارفین کے لیے قیمت 160 روپے ہو جائے گی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کے ذرائع کے مطابق ٹرانسپورٹیشن چارجز بڑھنے کے باعث چینی کی قیمتوں میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ذرائع نے بتایا ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر گزشتہ کئی ہفتوں سے چینی دستیاب نہیں تھی جس کی بنیادی وجہ چینی کی قیمتوں میں اضافے کا نہ ہونا تھا۔

ننکانہ صاحب: شادابی پاکستان، شجرکاری مہم: مشتاق احمد قادری کی آمد

رانا جماعت علی معصومی، محمد اکرم قادری، رانا رفاقت علی، جمیل باجوہ، صاحبزادہ سعید احمد انصاری و دیگر کی شرکت



ننکانہ صاحب: مصطفائی تحریک لاہور ڈویژن کے صدر مشتاق احمد قادری، سعید احمد انصاری پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کرتے ہوئے۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) شادابی پاکستان، شجرکاری مہم مصطفائی تحریک لاہور ڈویژن کے صدر محترم جناب مشتاق احمد قادری کی ننکانہ صاحب آمد تفصیلات کے مطابق شادابی پاکستان شجرکاری اور مصطفائی تحریک کے ڈسٹرکٹ الیکشن کے سلسلہ میں ڈویژن صدر مصطفائی تحریک محمد مشتاق قادری۔ نائب صدر رانا جماعت علی معصومی۔ جنرل سیکرٹری محمد اکرم قادری۔ صدر مصطفائی تحریک ڈسٹرکٹ شیخوپورہ رانا رفاقت علی۔ جنرل سیکرٹری مصطفائی تحریک ڈسٹرکٹ ننکانہ جمیل باجوہ تحصیل صدر صاحبزادہ سعید احمد انصاری۔ شاہد احمد سلطانی۔ مہر محمد نعیم۔ رانا فیصل منیج۔ شوکت علی قادری۔ اور مشتاق احمد انصاری نے شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک اکرم قادری نے کی اور نعت رسول مقبول صاحبزادہ سعید احمد انصاری نے پیش کی۔ اس موقع پر صدر مصطفائی تحریک لاہور ڈویژن نے شادابی شجرکاری مہم کو زیادہ سے زیادہ تیز کرنے پر زور دیا انہوں نے کہا کے شجر کاری ملک اور عوام کے لیے بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ الیکشن جلد سے جلد کروائیں جائیں بعد میں ملک کی سلامتی پاکستان کی ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

وزیر آباد: آزادی مارچ ریلی استقبال انتظامات کا جائزہ اجلاس، اسسٹنٹ کمشنر نے صدارت کی

ریلی کا استقبال طلبہ ریلی کے شرکاء کا جھنڈیوں کے ساتھ پھولوں کی پتیوں کے ساتھ موجود ہونگے، رنگ برنگے کبوتر بھی ہوا میں چھوڑ جائینگے



وزیر آباد (نامہ نگار) اے سی آفس وزیر آباد میں 12 اگست کو آزادی مارچ ریلی کے استقبال کے انتظامات کے سلسلہ میں اجلاس زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ منعقد ہوا جسمیں تحصیلدار ہمایوں خالد وڑائچ، چیف آفیسر بلدیہ عمیر دلدار، ایس ایچ او صدر گوھر عباس بھٹی، ایس ایچ او گکھڑ منڈی فرحت نواز چٹھہ، ایس آئی غلام مرتضی بٹ، آئی این پی افتخار احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر حماد چیمہ، اے ڈی ایل جی مظفر جاوید بھٹی، اے ای او ایجوکیشن آفتاب صادق چیمہ، اے ڈی ایل آر رانا احمد مسرور، انچارج ارائمی سنٹر عامر شریف گھمن، پی ایس او منیر عالم، ملک منیر احمد، ٹریفک وارڈن و دیگر اداروں کے افراد نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ نے کہا کہ آزادی مارچ ریلی کے شرکاء کا تین پوائنٹس پل چناب، اللہ والا چوک اور باب وزیر آباد پر شاندار استقبال کیا جائے گا، سکولز کے طلباء تینوں پوئنٹ پر آزادی ریلی کے شرکاء کا جھنڈیوں کے ساتھ پھولوں کی پتیوں کے ساتھ موجود ہونگے ڈھولوں کی تھاپ اور ساؤنڈ سسٹم پر قومی نغمے بجائے جائینگے، تاریخی استقبال کے موقع پر رنگ برنگے غبارے اور کبوتروں کو ہوا میں اڑایا جائے گا، تینوں پوائنٹس پر پانی کی سبیلیں لگائی جائینگی، چیف آفیسرز اور اے ڈی ایل جی روڈز کا صاف ستھرا کروائینگے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب پروگرام" کے تحت ضلع جہلم میں صفائی مہم جاری

ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے ضلع کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا اور شہریوں کی شکایات کا جائزہ لیا



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب پروگرام" کے تحت ضلع جہلم میں صفائی کے حوالے سے مہم تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے ضلع کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا اور شہریوں کی شکایات سنی اور موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے صفائی کے عملے کو ہدایت کی کہ تمام یونین کونسلز میں صفائی آپریشن اور آگاہی مہم جاری رکھی جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ضلع جہلم کو زیرو ویسٹ بنانے کے لیے حقیقی اقدامات کیے جائیں اور کہیں بھی کوڑا کرکٹ یا کچرا نظر نہ آئے۔

35 سالوں سے آئی پی پیز غریبوں کو لوٹ رہے ہیں اب برداشت نہیں، رانا سکندر اعظم

40 خاندانوں کی بجائے 24 کروڑ پاکستانیوں کے حقوق کا خیال رکھنا ہوگا، چوہدری حبیب الرحمن گل



فیصل آباد الیکٹرونکس اینڈ انسٹالمنٹ ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو باڈی کے اجلاس سے گروپ لیڈر رانا محمد سکندر اعظم خاں، صدر چوہدری حبیب الرحمن گل، جنرل سیکرٹری محمد علی چوہدری امانت علی ملک وقاص احمد چوہدری عاصم حبیب سمرا وقاص میمن، رانا سعید ملک اعجاز احمد خرم شہزاد ملک سیف الرحمن، رانا طاہر خاں، چوہدری فاروق گل و دیگر خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد (پ ر) فیصل آباد الیکٹرونکس اینڈ انسٹالمنٹ ایسوسی ایشن کے گروپ لیڈر رانا محمد سکندر اعظم خاں، صدر چوہدری حبیب الرحمن گل، جنرل سیکرٹری محمد علی ملک نے کہا ہے کہ 35 سالوں سے آئی پی پیز اور دیگر ذریعہ سے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے اب اور برداشت نہیں ہوگا لوگوں کی قوت جواب دے چکی، قوم کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو انکے انجام تک پہنچانے کا وقت آچکا ہے، پوری قوم کو اٹھ کھڑا ہونا چاہئے، اٹھنے میں اب دیر اپنے آپ کو قبروں میں پہنچانے کے مترادف ہوگا، انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت آئی پی پیز کے ساتھ تمام معاہدے منسوخ کرے، بجلی کے بے تحاشہ نرخوں نے بڑے پیمانے پر کاروباری بندشوں کو جنم دیا ہے۔ وفاقی حکومت کو آئی پی پیز سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے اور قومی مفاد میں بجلی کی سستی قیمتوں کو یقینی بنانا چاہیے۔ 40 خاندانوں کی بجائے 24 کروڑ پاکستانیوں کے حقوق کا خیال رکھا ہوگا موجودہ آئی پی پیز معاہدے تباہی کا ایک نسخہ ہیں جس سے قوم کی خوشحالی کی قیمت پر صرف چند مراعات یافتہ افراد کو پہنچ رہا ہے، بجلی کے بل عوام کے لیے موت کا پروانہ بن گئے، بھاری بجلی کے بل دیکھ کر عوام پر سکتہ طاری ہوگیا، سخت گرمی اور حبس کی وجہ سے لوگ بجلی کے بھاری بلوں کے خوف سے ہاتھ کے پنکھے استعمال کرنے لگے ہیں، جس طرح آئی پی پیز پاکستان کو لوٹ رہے ہیں اس میں حکمران بھی برابر کے شریک ہیں۔ ایسے ایسے پاور پلانٹس کو ادائیگیاں کی جارہی ہیں جو چل ہی نہیں رہے ان پاور پلانٹس سے معاہدہ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی ہونی چاہیے اور چیف جسٹس آف پاکستان کو اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ حالیہ بجلی کے بھاری بلوں کی وجہ سے ملک بھر کے ہزاروں صارفین کے کنکشن منقطع کر دیئے گئے ہیں۔ ایک گھر جس میں ایک پنکھا اور بلب چلتا ہے اس کا بل بھی بیس سے بائیس ہزار روپے بھجوایا جا رہا ہے جس کی وجہ سے لوگ بجلی کے کنکشن کٹوانے پر مجبور ہیں۔

نارووال، ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کی دیواریں گرا کر جنگلے لگانا پیسے کا ضیاع، شہریوں میں تشویش

عوام کو درپیش مسائل سیوریج سسٹم، سڑکوں کی تعمیر پر فنڈز خرچ کیے جاسکتے تھے، شہریوں کی میڈیا سے گفتگو

نارووال (بیورو رپورٹ/قوت) نارووال میں عوامی مسائل کے حل کے بجائے اشرافیہ کی ترجیحات کو فوقیت دی جا رہی ہے، جس کی تازہ مثال ڈپٹی کمشنر کمپلیکس کی دیواروں کی تبدیلی ہے۔ لاکھوں روپے خرچ کر کے خوبصورت ٹائلوں والی دیواروں کو گرا کر لوہے کے جنگلے نصب کیے گئے ہیں، جن کے بارے میں سیکورٹی خدشات بھی موجود ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اس وقت نارووال کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل میں ناقص سیوریج نظام اور ٹوٹی پھوٹی سڑکیں شامل ہیں، جنہیں کم خرچ میں درست کیا جا سکتا ہے۔ ایک ڈپٹی کمشنر دیواریں تعمیر کرواتا ہے، دوسرا انہیں گرا کر جنگلے نصب کرواتا ہے، اور تیسرا آ کر پھر سیکورٹی کے نام پر دوبارہ دیوار بنائے گا جس سے عوام کے ٹیکس کے پیسے کا ضیاع ہوتا ہے۔ مقامی لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر ان وسائل کو درخت لگانے، صفائی کی مشینری فراہم کرنے یا ٹرانسفارمر خریدنے جیسے عوامی مسائل کے حل پر خرچ کیا جائے تو شہر کی حالت بہتر ہو سکتی ہے۔ اشرافیہ کی ان ترجیحات پر سوال اٹھاتے ہوئے عوام نے کہا کہ ان اقدامات سے صرف وسائل کا ضیاع ہو رہا ہے، جبکہ عوامی مسائل جوں کے توں ہیں۔ نارووال کے شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عوامی وسائل کا صحیح استعمال یقینی بنائے اور شہریوں کے بنیادی مسائل کے حل پر توجہ مرکوز کرے۔

CRIME & COURT — جرم وسزا

فیصل آباد پولیس جوا مافیا کے خلاف ان ایکشن، تھانہ ڈی ٹائپ کالونی کی جوا مافیا کے خلاف کارروائی

تھانہ دی ٹائپ کالونی کے علاقہ میں جوا مافیا کے گرد گھیرا تنگ کر دیا معصوم شہریوں کو انعام کا لالچ دے کر لوٹنے والے گروہ کے اڈے پر چھاپہ

فیصل آباد پولیس جوا مافیا کے خلاف ان ایکشن، تھانہ ڈی ٹائپ کالونی کی جوا مافیا کے خلاف کارروائی تھانہ دی ٹائپ کالونی کے علاقہ میں جوا مافیا کے گرد گھیرا تنگ کر دیا معصوم شہریوں کو انعام کا لالچ دے کر لوٹنے والے گروہ کے اڈے پر چھاپہ۔ ایس ایچ او تھانہ ڈی ٹائپ کالونی سب انسپکٹر عدیل مصطفیٰ۔ اے ایس آئی پرویز لطیف کی ٹیم کے ہمراہ بھرپور کارروائی۔ علامہ اقبال کالونی میں ڈی ٹی وی پر پرچی جوا کھیلتے ہوئے 18 افراد موقع پر سے گرفتار۔ جوا کھیلنے والے افراد سے ہزاروں روپے نقدی موبائل فون برآمد کر لیے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ ڈی ٹائپ کالونی میں مقدمہ درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ علاقہ میں جوا مافیا کے خلاف بلاتفریق کارروایاں جاری رہیں گی۔ ایس ایچ او کسی کو علاقہ میں غیر قانونی فیل کرنے کی اجازت نہیں۔ ایس ایچ او

پھولنگر: ڈکیتی کی بڑی واردات، صرافاں بازار کی تین دوکانوں کا صفایا

ڈاکو نے لاکھوں کے طلائی زیورات، لاکھوں روپے نقدی و دیگر سامان لوٹ لیا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور کے نواحی گاؤں پھولنگر میں ڈکیتی کی ایک بڑی واردات میں ڈاکوؤں نے صرافاں بازر سے تین مختلف دوکانوں کا صفایا کر دیا، ڈاکو نے لاکھوں کے طلائی زیورات، لاکھوں روپے نقدی و دیگر سامان لوٹ لیا اور دھڑلے سے فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، وقوعہ کی ویڈیو سی سی ٹی وی کیمرہ میں محفوظ۔ قصور کے نواح پھولنگر میں ڈکیتی کی ایک بڑی واردات میں ڈاکوؤں نے صرافاں بازار کی تین دوکانوں کا صفایا کر دیا۔ مسلح ڈاکوؤں نے تینوں دوکانوں سے لاکھوں روپے کے طلائی زیورات، لاکھوں روپے نقدی، و دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا اور جاتے ہوئے دھڑلے سے فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، وقوعہ کی ویڈیو سی سی ٹی وی کیمرہ میں محفوظ۔ مقامی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

اوکاڑہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو گرفتار ایک فرار، زخمی ڈاکو کی شناخت عثمان کے نام سے ہوئی

پولیس نے مشکوک جان کر موٹر سائیکل کو روکا ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل روکنے کی بجائے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو گرفتار ایک فرار تھانہ گوگیرہ کے علاقے جھگڑ چوک میں پولیس مقابلہ ابتدائی تفتیش میں زخمی ڈاکو کی شناخت عثمان کے نام سے ہوئی دو مسلح ڈاکوؤں نے شہری محمد صدیق سے 34 قبرستان کے قریب سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل چھینی جھگڑ چوک میں ناکہ پر موجود پولیس نے مشکوک جان کر موٹر سائیکل کو روکا ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل روکنے کی بجائے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی جسکے نتیجہ میں ایک خطرناک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا زخمی حالت میں ڈاکو کو گرفتار کر لیا گیا، انتہائی خطرناک ڈاکو کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل، نقدی، موبائل فون اور اسلحہ برآمد فرار ڈاکو کی تلاش کے لیے پولیس نے سرچ آپریشن کا آغاز کر دیا فرار ڈاکو کی تلاش کے لیے پولیس ٹیمیں تشکیل زخمی ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے رکھا ہے ترجمان اوکاڑہ پولیس

چمڑے کا ٹرک 11 کے وی کیب سے ٹکرا گیا، ایک شخص زخمی

قصور (بیورو رپورٹ) چمڑے کا ٹرک 11kv کیبل سے لگنے سے ایک شخص شدید زخمی ہوگیا، کوسٹر کا رہائشی اسحاق چمڑے سے بھرا ٹرک کوسٹر سے منگل منڈی قصور آیا اور گودام میں چمڑا اتارنے کے ٹرپال اتارنے لگا تو 11kv کیبل سے چھو جانے سے شدید کرنٹ لگا۔

تھانہ سٹی مرید کے پولیس کا ایس ایچ او کی سربراہی میں منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی مرید کے پولیس نے ایس ایچ او تھانہ سٹی مرید کے ولی حسن پاشا کی سربراہی میں علاقہ بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 2 بدنام زمانہ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں منشیات فروش خادم حسین ولد سائیں سراج دین اور علی حسن ولد محمد وزیر شامل ہیں گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو 500 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔

قصور: خاتون کے گلے میں پھندا ڈال کر قتل کر دیا گیا

قصور (بیورو رپورٹ) قصور سعید آباد کالونی پیرو والا روڈ پر ایک خاتون کے گلے میں پھندا ڈال کر اسے موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ مولہنوال خورد ملتان روڈ کے رہائشی محمد ارشد نے پولیس تھانہ میں مقدمہ درج کروایا۔

ڈپٹی کمشنر کا ڈسٹرکٹ پبلک سکول حافظ آباد کا دورہ

سکول میں بنائے جانے والے پہلے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح کیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر میڈم سندس ارشاد نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول حافظ آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سکول میں بنائے جانے والے پہلے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، پرنسپل محمد زمان چیمہ، وائس پرنسپل میڈم گلناز اور دیگر اساتذہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈے کیئر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر وہاں اساتذہ اور دیگر سٹاف کے بچوں کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ڈے کیئر سنٹر کا قیام سکول میں کام کرنے والی اساتذہ کے لیے خوش آئندہ اقدام ہے۔ انکا کہنا تھا کہ حکومتی ہدایات کے مطابق بنائے جانے والے اس ڈے کیئر سنٹر میں ایسی اساتذہ جو اپنے کم عمر بچوں کو ساتھ لیکر آتی ہیں انکے لیے تمام تفریحی سہولیات میسر ہونگی۔ انکا کہنا تھا کہ اس منصوبے سے ایسی ٹیچرز جو اپنے ساتھ کم عمر بچوں کو لیکر آتی ہیں وہ بہتر طریقے سے اپنے تدریسی فرائض سرانجام دے سکیں گی۔ پرنسپل محمد زمان چیمہ کا کہنا تھا کہ خواتین اساتذہ کے لیے ڈے کیئر سنٹر وقت کی اہم ضرورت تھا جس کے قیام سے خواتین اساتذہ اور انکے کم عمر بچوں کے مسائل ختم ہونگے اور ایسی ٹیچرز مخصوص اوقات میں اپنے کم عمر بچوں کی نگہداشت کر سکیں گی

چکوال: پولیس نے متعدد ملزمان دھر لئے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال پولیس کی منشیات، قتل اور گینگ ریپ مقدمات میں مؤثر تفتیش متعدد ملزمان کو قید اور جرمانے کی سزا دے دی ڈی پی او چکوال کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی صدر سرکل، تلہ گنگ سرکل کی زیر نگرانی تھانہ سٹی چکوال تھانہ ڈوہمن اور تھانہ صدر تلہ گنگ کے انوسٹی گیشن افسران نے منشیات، قتل اور گینگ ریپ کے مقدمات میں مؤثر تفتیش کی چکوال پولیس کی بہترین تفتیش اور ضمنی میں لکھے حقائق سے ایڈیشنل سیشن جج چکوال نے اتفاق کرتے ہوئے منشیات 9/C، قتل واقدام قتل اور گینگ ریپ مجرمان کو قید اور جرمانے کا حکم سنا دیا۔

محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کو منتقل کر دیئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کو منتقل کر دیئے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے اسلحہ لائسنس کے اختیارات کی منتقلی پنجاب آرمز رولز 2023 کے تحت کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق انفرادی اسلحہ لائسنس منتقلی کے اختیارات ڈی ایس جوڈیشل/متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو تفویض کر دیئے گئے۔ موجودہ کیٹیگری میں اسلحہ، بور کی تبدیلی، گولیوں میں اضافے کے اختیارات بھی ڈپٹی کمشنر کو سونپ دیئے گئے ہیں۔ ڈپلیکیٹ اسلحہ لائسنس اجراء کے تمام اختیارات بھی ڈپٹی کمشنرز کو دے دیئے گئے ہیں۔

شیخوپورہ: ڈکیتی وراہزنی کی وارداتیں جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈکیتی و راہزنی کی وارداتیں جاری، تھانہ صدر فاروق آباد کے علاقہ گاؤں بٹر نہر کے قریب تین ڈاکوؤں نے پارکو ملازمین سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل، 12 بور پسٹل، 15 سو روپے نقدی اور دو موبائل فونز چھین لئے، تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ گھنکی روڈ پر دو ڈاکوؤں نے شہری فرحان علی سے موٹر سائیکل اور دس ہزار روپے نقدی چھین لی وارادات کے ڈاکو فرار ہوئے تو مقامی راہگیروں نے ان کا تعاقب کیا جس کے نتیجہ میں ڈاکو گرلز سکول کے قریب موٹر سائیکل پھینک کر فرار ہو گئے جسے پولیس نے تحویل میں لیکر کاروائی شروع کر دی ہے، تھانہ سٹی اے ڈویژن کے علاقہ خالد روڈ پر دارالبرکت کے قریب راہزنی کی واردات میں دو مسلح ڈاکو شہری طیب سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔

قصور: یوم آزادی شایان شان منانے کیلئے جائزہ اجلاس

سرکاری عمارتوں، اہم شاہراہوں پر لائٹنگ کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت یوم آزادی کو شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے جائزہ اجلاس، یوم آزادی کو بھرپور طریقے سے منایا جائیگا' تمام سرکاری عمارتوں، اہم شاہراہوں پر لائٹنگ کی جائیگی' ڈپٹی کمشنر۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت یوم آزادی کو شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے جائزہ اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر فیصل ملک، ڈی ایس پی سٹی سیف اللہ بھٹی، ڈی ایس پی ٹریفک محمد اقبال، ڈسٹرکٹ پبلک ہیلتھ انجینئر ڈاکٹر سوشل ویلفیئر صائمہ اقبال قریشی، ڈی او ایجوکیشن عائشہ، ایڈمنسٹریٹر ڈی پی ایس محمد جہانگیر چوہڑا، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالوحید، ڈی او سپورٹس آفیسر این اے رانا، ڈسٹرکٹ آفیسر ایمرجنسی ریسکیو 1122' ڈسٹرکٹ آفیسر عشر وزکوٰۃ اشفاق خاں، ڈی او سول ڈیفنس سیف اللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک' چیف آفیسر زمیوسپل کمیٹی، چیف آفیسر ضلع کونسل و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز چونیاں طلحہ انور، پتوکی رانا امجد محمود اور کوٹ رادھا کشن ڈاکٹر محمد ان

روزنامہ "قوت" لاہور 9(2)اگست 2024

"قوت" کلاسیفائیڈ



نام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے مضمون پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

تقریبات

تقریب 1

حاصل نذر کسے جو حاصل کرنا چاہے تھا، آج جسے بھی کہہ لیں تو پاکستان کو اقوام عالم میں مقام نہ ملا سکے، پاکستان پھٹتی آج تو کل بیٹھتی کی ضرورت ہے، پاکستان پھٹتی کی بنیاد، بتاتا ہوں تصوف اور اداسی کے درمیان آج سے پہلے بھی نہیں تھا، وزیر اعظم نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں منعقدہ علما و مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، کانفرنس میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی شریک تھے، کہا کہ سوشل میڈیا پر بعض گمراہ کن لوگوں کا طوفان ہے، ملک میں سالہا سال سے جو شر، ایمان افروز اور دلوں کو گرما دینے والی تقریر کے بعد جو بے ایمانی اضافے کی ضرورت تھی کہ انہوں نے قرآن کریم اور اسلامی کے روشنی میں گفتگوی، وہ بھی سب کے سامنے ہوا۔

تقریب 2

وہی جب کہ اس دوران آٹا تقریباً نصف کے ارکان نے بلیسی ریف کو سازشے 19 فیصد کی بھی پر کھنے پر ٹھنڈے کا اظہار کیا، قائمہ کمیٹی خزانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ آج ہمارے پاس 10 ارب ڈالر کے قریب زرمبادلہ ذخائر ہیں جب کہ 30 جون کو 9 ارب ڈالر تھے، ہمارے پاس 40 کروڑ ڈالر آرہے ہیں اور 8 ارب 60 کروڑ ڈالر آرہے ہیں۔

تقریب 3

ہے۔ پیس کانفرنس کرتے ہوئے صدقہ کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدقہ کی ہے، کہا کہ خصوصی نوٹوں کے ذخیروں میں اختتام اور فطرت ہوتا جاتا ہے، پاکستان کو بنگلہ دیش سے باتیں کی جاتی ہیں، صدمہ ملک نے کہا کہ آپ عوام کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں، سائے آگرہ نے صرف مسلمانوں کا ملک نہیں بلکہ تمام مذاہب کا ملک ہے، انہوں نے کہا کہ آپ نے کہا تھا کہ پاکستان کی بات چیت کی، پاکستان کو بنگلہ دیش سے کیا کہنا ہے، پاکستان کو بنگلہ دیش سے کیا کہنا ہے، ایک جماعت کے کارکن سلمان ملک کے قطع بیانات دے رہے ہیں۔

تقریب 4

فاتح لکھنی پر کھو طور پر جاتا ہے۔ (آئی این پی آر) کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی این پی آر) کے مطابق افواج پاکستان، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا نے افواج عظیمت شان کیا، صدر مملکت آصف زرداری نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور مسلح افواج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر سے 1958 میں ملاقات کی، محمد شہباز شریف نے 1958 میں پاکستان کی تاریخ پر سیکیور پریکٹر اور پاکستان بہادری کی آرکا پر تھا، کیا محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ملک کی بقا اور آزادی کا ضامن ہیں، ان کا کہنا تھا کہ افواج پاکستان کے عظیم قربانی دینے والے جوانوں اور افسروں کو بھیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

تقریب 5

ہیں، ملک رہ گی، پوری قوم کو اپنے شہداء پر فخر ہے، پاکستان قوم نے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، صدر مملکت آصف زرداری نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ یادگار شہداء کا دورہ کیا، انہوں نے 1965 اور 1971 کی جنگوں میں 66 ہزار سے زائد شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا، آئی ایس پی آر کے مطابق صدر محمد شہباز شریف اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے شہداء کی یادگار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، صدر مملکت نے شہداء کے لواحقین سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ یادگار پر تصاویر بنوائیں، صدر مملکت نے شہداء کے لواحقین

فارم 47 کے حکمرانوں کی عوام کو ریلیف دیئے بغیر نجات ممکن نہیں

ضیاالدین انصاری

حکمران مہنگی بجلی اوراپنی عیاشیوں کیلئے غریب اور عام آدمی کا خون نچوڑ رہے ہیں جو اب مزید برداشت نہیں ہوگا

امیر جماعت اسلامی لاہور کا 11اگست وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کی تیاریوں کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ کے تمام ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ اور سیکرٹری لاہور خالد احمد بٹ نے کہا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں کی عوام کو ریلیف دیئے بغیر نجات ممکن نہیں۔ 11 اگست کو انشاءاللہ وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر عوامی دھرنا کی گونج اقتدار کے ایوانوں تک سنائی دیگی۔ تمام ذمہ داران اپنے اضلاع، علاقوں اور زونز میں بھرپور تیاری کیساتھ حق دو عوام کو تحریک کا پیغام ہر گھر اور فرد تک پہنچائیں۔ عوامی دھرنا میں ہزاروں کی تعداد میں طلبہ نوجوان، بزرگ، بچے اور خواتین شرکت کریں گے۔ جماعت اسلامی دھرنا کے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر35



امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری کا 11اگست وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کی تیاریوں کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ کے تمام ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن

پنجاب کے بعد اسلام آباد میں مزید 95 گیس کنکشن منقطع 9 لاکھ جرمانے

لاہور میں، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 7 کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 6 کنکشنز منقطع کیے گئے، اور ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی

ملتان میں، ٹیم نے غیر قانونی گیس استعمال کرنے پر 45 کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا۔ مردان میں، ٹیم نے 8 کنکشنز منقطع کیے اور 6لاکھ کے جرمانے عائد کیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سوئی ناردرن کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری مہم کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 95 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے، جبکہ 9 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں، گیس کے غیر قانونی استعمال پر 7 کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 6 کنکشنز منقطع کیے گئے، اور ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ ملتان میں، ٹیم نے غیر قانونی گیس استعمال کرنے پر 45 کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا۔ مردان میں، ٹیم نے 8 کنکشنز منقطع

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر36



لاہور، بزرگ خاتون نے عینکیں فروخت کرنے کیلئے فٹ پاتھ پر دوکان سجا رکھی ہے

گورنر سندھ کامران ٹیسوری کا جیولین تھرور ارشد ندیم کو سونے کا تمغہ دینے کا اعلان

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے مایہ ناز کارکردگی دکھانے پر پاکستان کے صفِ اوّل کے ایتھلیٹ جیولین تھرور ارشد ندیم کو سونے کا تمغہ دینے کا اعلان کر دیا۔ایک بیان میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ دعا ہے کہ ارشد ندیم پاکستان کا نام روشن کریں، میڈل جیتیں، نیزہ بازی میں وہ پوری طاقت اور تکنیک آزمائیں۔انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم مایہ ناز کارکردگی دکھائیں، سونے کا تمغہ ہم دیں گے، ان کی فیملی کو لیپ ٹاپ اور جدید موبائل بھی دیں گے۔کامران ٹیسوری کا کہنا ہے کہ پوری قوم ارشد

صحافی نصراللہ گڈانی قتل کیس، سندھ ہائی کورٹ کی پولیس کو مقتول صحافی کے اہلخانہ کو تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) گھوٹکی کے صحافی نصراللہ گڈانی قتل کیس میں مقتول کی والدہ کی تحفظ فراہمی کی درخواست پر سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو مقتول صحافی کے اہلخانہ کو تحفظ فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔21 مئی کو گھوٹکی میں قتل ہونے والے صحافی نصراللہ گڈانی کی والدہ نے تحفظ کے لیے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔اس حوالے سے آج سندھ ہائیکورٹ میں صحافی نصراللہ گڈانی قتل

الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب نا کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع

چیئرمین پی آر اے کی ہدایت پر 100 سے زائد ریسٹورنٹس کو شوکاز نوٹس جاری کردیئے گئے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم کی تنصیب نا کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا۔ترجمان پی آر اے کے مطابق چیئرمین پی آر اے نعمان یوسف کی ہدایت پر 100 سے زائد ریسٹورنٹس کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں، ریسٹورنٹس میں سسٹم کی تنصیب کے باوجود رسیدوں کا اجراء نا کرنے والوں کو بھی تنبیہ کی گئی ہے ۔ 60لاکھ سالانہ یا زائد آمدن والے ریسٹورنٹس کو

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر37

ماہ اگست کو استحکام پاکستان کے طور پر منایا جائیگا' مرکزی علما کونسل

مرکزی علما کونسل 14اگست کو اپنے تمام دفاتر پر قومی پرچم لہرائے گی' صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ ماہ اگست کو استحکام پاکستان کے طور پر منایا جائیگا، کشمیریوں بارے 5اگست 2019 کا بھارتی اقدام غیر قانونی اور غیر آئینی ہے جسے وہ فوری واپس لے، مرکزی علما کونسل 14 اگست کو اپنے تمام دفاتر پر قومی پرچم لہرائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر مولانا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر38



لاہور، وزیر بلدیات ذیشان رفیق ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آپریشنل وجوہات پر کراچی، لاہور، اسلام آباد کی 9 پروازیں منسوخ

لاہور (این این آئی) آپریشنل وجوہات کے سبب کراچی، لاہور اور اسلام آباد کی 9 پروازیں منسوخ کر دی گئیں جبکہ مختلف ایئر پورٹس سے 2 درجن پروازوں کی آمد اور روانگی میں تاخیر ہوئی۔فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے لاہور کے لیے پی آئی اے کی پرواز منسوخ کر دی گئی۔کراچی سے مجی ایئر لائن کی جدہ کے لیے پرواز پی اے 171 بھی منسوخ کر دی گئی۔فلائٹ شیڈول کے مطابق اسلام آباد اور کراچی سے کوئٹہ کے لیے پروازیں بھی منسوخ کر دی گئیں جبکہ اسلام آباد اور دبئی کی پی آئی اے کی 3 پروازیں بھی منسوخ کی گئی ہیں۔

نیب ترمیمی آرڈیننس کیخلاف درخواست کی جلد سماعت کیلئے متفرق درخواست دائر

لاہور (این این آئی) نیب ترمیمی آرڈیننس کیخلاف درخواست کی جلد سماعت کے لئے متفرق درخواست دائر کر دی گئی۔لاہور ہائیکورٹ میں درخواست ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے دائر کی۔درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ نیب ترمیمی آرڈیننس کے باعث 14 دن کے ریمانڈ کو بڑھا کر 40 روز کر دیا گیا، بانی پی ٹی آئی عمران خان اس سے متاثرہ فریق ہیں، ترامیم بدنیتی پر مبنی ہیں۔دائر درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت ترامیم کو کالعدم قرار دے۔

بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدے کی مسلسل خلاف ورزی جاری

بھارتی ہٹ دھرمی کے باعث 2 سال سے انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس نہ ہوسکا' بھارت جواب بھی نہیں دیتا

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کی طرف سے سندھ طاس معاہدے کی مسلسل خلاف ورزی جاری ہے، بھارتی ہٹ دھرمی کے باعث گزشتہ 2 سال سے پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس نہیں ہوسکا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت سال میں ایک بار پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس آخری بار نئی دلی میں 30 اور 31 مئی 2022 کو ہوا تھا، کمشنرز کا اجلاس ضروری ہے۔ذرائع کے مطابق پاکستان کے انڈس واٹر کمشنر مہر علی شاہ کی طرف سے بھارتی ہم منصب کو اجلاس کے لیے متعدد بار لکھا گیا تاہم بھارتی انڈس واٹر کمشنر نے پاکستان کو کوئی جواب نہیں دیا۔انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس آخری

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر39

دنیا کے امن کیلئے اسرائیل کو نشانہ عبرت بنانا ضروری ہے' جے یو آئی

اگر اسرائیل کو سبق نہ سکھایا گیا تو اسلام مخالف قوتیں کسی اور ملک پر بھی یہی ہتھکنڈے استعمال کر سکتی ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام (ف) لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالا رمولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دنیا کے امن کیلئے اسرائیل کو نشانہ عبرت بنانا ضروری ہے، عالمی دنیا کو فلسطین

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر40

سوشل میڈیا پر صحابہ کرام کی شان میں گستاخیوں کا حکمران نوٹس لیں' سنی علما کونسل

ملک کے امن کو تباہ کرنے کے خواہش مندوں کو پکڑ کر نشان عبرت بنایا جائے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر صحابہ کرام کی شان میں گستاخیوں کا حکمران نوٹس لیں، کچھ عرصہ سے سوشل میڈیا پر جعلی اکاؤنٹ بنا کہ مذہبی منافرت پھلانے کی کوشش کی جارہی ہے، ملک کے امن کو تباہ کرنے کے خواہش مندوں کو پکڑ کر نشان عبرت بنا یا جائے۔اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک دشمن طاقتیں پاکستان کے امن وامان کو دیکھ کر سوچے سمجھے منصو

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر39

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں اربوں روپے کی مالی بیضابطگیوں کا انکشاف

آڈٹ رپورٹ 23-2022 میں 11 ارب 56 کروڑ کے اعتراضات سامنے آگئے

مستحقین کیلئے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے میں بھی بے قاعدگیاں کی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں اربوں روپے کی مالی بیضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔آڈٹ رپورٹ 23-2022 میں 11 ارب 56 کروڑ کے اعتراضات سامنے آگئے۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق مستحقین کیلئے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے میں بھی بے قاعدگیاں کی گئی ہیں۔بلوچستان اور سندھ میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر44

آؤٹ سورسنگ سے صفائی کے چیلنجز سے نمٹا جاسکتا ہے' وزیر بلدیات

پنجاب بھر میں صفائی کا یکساں نظام رائج کرنا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ویژن ہے

دنیا کے کامیاب سسٹم کا مطالعہ کرکے پنجاب میں صفائی کا پائلٹ پراجیکٹ لارہے ہیں' ذیشان رفیق

لاہور (خبرنگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے صوبہ بھر کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کے دوران پنجاب میں صفائی کے مؤثر اور دیرپا نظام کے منصوبے کا جائزہ لیا گیا۔سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، ایڈیشنل سیکرٹری ماریہ طارق نے بھی شرکت

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر43

24 گھنٹوں میں پنجاب کے بیشتر اضلاع میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی

مون سون بارشوں کا سپیل 14 اگست تک جاری رہنے کا امکان، ممکنہ سیلابی خطرے کے پیش نظر انتظامات مکمل

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم اے نے آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے بیشتر اضلاع میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق بارشوں کے باعث دریاؤں، ڈیمز اور ندی نالوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں راولپنڈی 88 ملی میٹر، گوجرانوالہ 17، بہاولنگر، قصور 11 اور شیخوپورہ میں

17باقی صفحہ 7بقیہ نمبر42

شاہد صدیق کے قتل کے الزام میں گرفتار بیٹے کی گرل فرینڈ تفتیش میں کلیئر قرار

قتل کی سپاری کا ایڈوانس اور رقم لینے والے تین افراد گرفتار کرلیا گیا' پولیس لڑکی کا ڈاکٹر شاہد صدیق کے قتل میں کوئی کردار تاحال سامنے نہیں آیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق کے قتل کے الزام میں گرفتار بیٹے ملزم قیوم کی گرل فرینڈ کو تفتیش میں کلیئر قرار دیدیا گیا، قتل کی سپاری کے لئے ایڈوانس اور رقم لینے والے تین افراد گرفتار کرلیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق لڑکی کا بیان تفصیلی بیان ریکارڈ کرلیا گیا، لڑکی کا ڈاکٹر شاہد صدیق کے قتل میں کوئی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر41

پاکستان ریلوے کا ایک طویل عرصہ کے بعد سب انجینئر اور اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر کی اسامیوں پر بھرتی کا فیصلہ

لاہور (سپیشل رپورٹر) پاکستان ریلوے نے ایک طویل عرصہ کے بعد سب انجینئر اور اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر کی اسامیوں پر بھرتی کا فیصلہ کیا ہے۔وزارت ریلوے کے ذرائع کے مطابق سب انجینئر سکیل 11 کی 346 اسامیوں اور اسسٹنٹ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر45



لاہور، اردو بازار میں یوم آزادی کی مناسبت سے خریداری کرنے والے شہریوں کے رش کا منظر

ریلویز پولیس نے ہفتہ وار فلاحی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کردیں

37 گھر سے بھاگے، گمشدہ بچے/بچیاں ورثا کے حوالے

مسافروں کو تقریباً 4لاکھ 67ہزار مالیت کا گمشدہ سامان واپس

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلویز پولیس نے ہفتہ وار فلاحی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کردیں۔29 جولائی سے 04 اگست تک 37 گھر سے بھاگے اور گمشدہ بچے/بچیاں ورثا کے حوالے کئے، 55 مسافروں کو تقریباً 4لاکھ 67ہزار مالیت کا گمشدہ سامان واپس کیا گیا، معمر افراد اور زخمیوں سمیت 373 مسافروں کو وہیل چیئر اور طبی امداد فراہم کی گئی۔ترجمان کے مطابق ہفتہ وار فلاحی کارروائی میں راولپنڈی ڈویژن کارکردگی کے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر46

پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر ن لیگ اور پیپلز پارٹی سے بات کرنے سے انکار کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر ن لیگ اور پیپلز پارٹی سے بات کرنے سے انکار کردیا۔پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر سینیٹر شبلی فراز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر47



آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل کے مرکزی صدر چوہدری محمد حسین طاہر ناصر خان کو آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل کا مرکزی چیف کوآرڈینیٹر مقرر ہونے پر نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

عمران خان اگر مگر چھوڑیں اور قوم سے 9 مئی پر غیر مشروط عوامی معافی مانگے، شیری رحمان

پورے ملک میں تحریک انصاف کے رہنماؤں اور عہدیداروں کو 9 مئی کے احتجاج کی قیادت کرتے دیکھا گیا، رہنما پیپلز پارٹی

آپ پارٹی کے پرتشدد احتجاج کو جھٹلاتے بھی ہیں اور تسلیم بھی کرتے ہیں کہ زمان پارک احتجاج میں کارکنان نے پیٹرول بم کا استعمال کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شیری رحمن نے کہا ہے کہ عمران خان اگر مگر چھوڑیں اور قوم سے 9 مئی پر غیر مشروط عوامی معافی مانگے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں ہوسکتا ایک دن آپ کہیں کہ کارکنان کو میں نے جی ایچ کیو کے باہر اور کنٹونمنٹ میں احتجاج کی کال دی تھی، دوسرے دن آپ کہیں کہ سی سی ٹی وی فوٹیج دکھائیں پھر معافی مانگوں گا۔انہوں نے کہا کہ آپ پارٹی کے پرتشدد احتجاج کو جھٹلاتے بھی ہیں اور تسلیم بھی کرتے ہیں کہ زمان پارک احتجاج میں کارکنان نے پیٹرول بم کا استعمال کیا۔شیری رحمن نے کہا کہ پورے ملک میں تحریک انصاف کے رہنماؤں اور عہدیداروں کو 9 مئی کے احتجاج کی قیادت کرتے دیکھا گیا۔شیری رحمن نے کہا کہ پی ٹی آئی کے پرتشدد مظاہروں کے شواہد پورے ملک کی میڈیا نے اپنی اسکرینز پر دکھائے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کیا وہ ثبوت کافی نہیں؟ کارکنان کو اشتعال دلانے کی ذمہ داری تحریک انصاف کی پوری قیادت پر آتی ہے۔

امریکا، صدارتی الیکشن کی انتخابی مہم ڈرامائی موڑ اختیار کرگئی

اگر آج الیکشنز ہوں تو کملا ہیریس کے جیتنے کا امکان زیادہ ہے، سروے رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدارتی الیکشن کی انتخابی مہم ڈرامائی موڑ اختیار کرگئی ہے، ایک اہم سروے میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اگر آج الیکشنز ہوں تو کملا ہیریس کے جیتنے کا امکان زیادہ ہے۔اس سے قبل عام تاثر تھا کہ ری پبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ ڈیموکریٹ حریف کو باآسانی شکست دیدیں گے۔این پی آر، پی بی ایس اور ماریسٹ کے مشترکہ سروے کے مطابق ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار کو اس وقت اکاون فیصد جبکہ ڈونلڈ ٹرمپ کو اڑتالیس فیصد مقبولیت حاصل ہے۔



اسلام آباد، بلاول بھٹو زرداری اپنے چیف میڈیا کوارڈینیٹر نذیر ڈھوکی کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

بی جے پی کا کانگریس رہنماؤں پر پاکستان سے آم کا تحفہ لینے کا الزام

پاکستانی سفارت خانے نے راہول گاندھی کو آم بھیجے ہیں، گری راج سنگھ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی نے کانگریس کے رہنماں پر پاکستانی ہائی کمیشن سے آم کا تحفہ لینے کا الزام لگا دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بی جے پی کے رہنماؤں نے راہول گاندھی سمیت 7 پارلیمنٹ کے ارکان پر تنقید بھی کی ہے۔بی جے پی کے رہنما گری راج سنگھ نے کہا کہ رہنما راہول گاندھی کے پاکستان کیساتھ تعلقات ہیں،۔

بنگلادیش، برطرف انٹیلی جنس چیف ملک سے فرار کی کوشش پر گرفتار

میجر جنرل ضیاالحسن کو گزشتہ روز ان کے عہدے سے برطرف کیا گیا تھا، رپورٹ

ڈھاکا (این این آئی) بنگلادیش میں گزشتہ روز عہدے سے ہٹائے گئے انٹیلی جنس چیف میجر جنرل ضیاالاحسن کو ملک سے فرار ہوتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا۔بنگلادیشی اخبار کی رپورٹ کے مطابق ضیا الاحسن کو رات تقریباً بارہ بجے ڈرامائی حالات میں گرفتار کیا گیا ہے۔شاہ جلال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ذرائع نے بتایا کہ میجر جنرل ضیاالاحسن جس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر49

حکومت پارلیمان کو عدلیہ کے مدمقابل لانے سے اجتناب کرے، اسد قیصر

ایکشن ایکٹ میں سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کو روکنے کے لیے سادہ اکثریت سے ترمیم آئین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، رہنما پی ٹی آئی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت پارلیمان کو عدلیہ کے مدمقابل لانے سے اجتناب کرے۔ اپنے بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی پر شب خون مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایکشن ایکٹ میں سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کو روکنے کے لیے سادہ اکثریت سے ترمیم آئین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔اسد قیصر نے کہا کہ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر50



لاہور، پولیس اہلکار پریس کلب کے باہر اپکا ملازمین کے احتجاج کی وجہ سے کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے الرٹ کھڑے ہیں

ناصر خان آپکا نیا سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل کے چیف کوآرڈینیٹر مقرر

وفاقی سیکرٹریٹ، چاروں صوبائی سیکرٹریٹ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سیکرٹریٹ کے سربراہان کو مطلع کردیا گیا

ناصر خان بطور چیف کوآرڈینیٹر (آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل) خط و کتاب کریں، چوہدری محمد حسین طاہر

لاہور (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل کے مرکزی صدر چوہدری محمد حسین طاہر نے وفاقی سیکرٹریٹ اسلام آباد سے جناب ناصر خان کو آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل کا مرکزی چیف کوآرڈینیٹر مقرر کیا ہے۔ لہٰذا وفاقی سیکرٹریٹ، چاروں صوبائی سیکرٹریٹ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سیکرٹریٹ کے سربراہان کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ آئندہ جناب ناصر خان سے بطور چیف کوآرڈینیٹر (آل پاکستان سیکرٹریٹ ایمپلائز کوآرڈینیشن کونسل) خط و کتاب کریں۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خواتین مانگا منڈی کی پرنسپل کو تبدیل کرنے کا مطالبہ

پرنسپل طالبات کے تعلیمی ادارے کیلئے طے شدہ قواعد وضوابط پر عملدرآمد نہیں کرا رہیں' والدین

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین مانگا منڈی میں زیر تعلیم طالبات کے والدین نے طے شدہ قواعد وضوابط پر عملدرآمد نہ کرنے پر پرنسپل کے خلاف انکوائری اور تبدیل کرنے کا مطالبہ کردیا۔ کالج میں زیر تعلیم طالبات کے والدین نے پرنسپل کے حوالے سے اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ طالبات کو موبا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر55

متحدہ علما کونسل پاکستان کی مرکزی باڈی کی تشکیل نو کا اعلان

نئی تنظیمی مجلس کا اجلاس جلد طلب کرکے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی نے سیکرٹری جنرل مولانا سردار محمد خان لغاری کی مشاورت سے متحدہ علما کونسل پاکستان کی مرکزی باڈی کی تشکیل نو کا اعلان کیا ہے جس کے تحت اب مرکزی تنظیمی ڈھانچہ درج ذیل ہوگا سرپرست مولانا عبدالمالک، چیئرمین

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر54

رانی پور ملازمہ تشدد و ہلاکت کیس: ملزمان پر فردِ جرم عائد

کیس کی اگلی سماعت میں گواہان کے بیانات قلم بند کیے جائیں گے

رانی پور (این این آئی) انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے رانی پور میں پیر کے تشدد سے ملازمہ کی ہلاکت کے کیس میں نامزد ملزمان پر فردِ جرم عائد کر دی۔صوبہ سندھ کے شہر خیر پور کے قریب واقع گاؤں رانی پور میں پیش آنے والے افسوس ناک واقعے پر سماعت ہوئی۔عدالت نے ملازمہ تشدد و ہلاکت کیس میں نامزد ملزم پیر اسد شاہ، حناشاہ، پیر

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر53

کراچی، پولیس اہلکار کو شہید کرنے والے ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

ملزم نے شلوار قمیض پہنا ہوا تھا، چہرے پر ماسک لگا رکھا تھا، سی سی ٹی وی فوٹیج گولیاں چلانے سے قبل کی ہے

کراچی (این این آئی) جوہر آباد کے قریب پولیس اہلکار شہید احمد کو شہید کرنے والے ملزم کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے جوہر آباد کے قریب پولیس اہلکار شہادت کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کو موٹر سائیکل پر جاتے دیکھا جا سکتا ہے، ویڈیو اہلکار پر گولیاں چلانے سے قبل کی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر52

اسلام آباد، راولپنڈی میں بارش، نشیبی علاقے زیر آب، نالہ لئی کی سطح میں خطرناک اضافہ

مختلف مقامات پر سڑکیں اور گلیاں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں، نالہ لئی کی سطح انتہائی بلند ہوگئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں موسلا دھار بارش کے بعد جل تھل ایک ہوگیا، نشیبی علاقے زیر آب آگئے مختلف مقامات پر سڑکیں اور گلیاں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں اور نالہ لئی کی سطح انتہائی بلند ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جڑواں میں اسلام آباد میں بادل خوب گرجے اور جم کر برسے اور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر51

چیف ایڈیٹر: میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر: صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر: امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر: چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر: وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پریس لمیٹڈ سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2، 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

فواد چوہدری کیخلاف مالی فائدے کا کیس، چالان پیش نہ کرنے پر عدالت برہم

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی اینٹی کرپشن کورٹ میں فواد چوہدری کے خلاف ہاؤسنگ سوسائٹی سے مبینہ طور پر مالی فائدہ لینے کے کیس کی سماعت ہوئی۔دورانِ سماعت فواد چوہدری اینٹی کرپشن کی خصوصی عدالت میں پیش ہوئے، مقدمے کا چالان پیش نہ کرنے پر عدالت نے اظہار برہمی کیا۔اینٹی کرپشن کی خصوصی عدالت نے مقدمے کی سماعت 4 ستمبر تک ملتوی کردی۔

بانی پی ٹی آئی اور ان کے رشتے دار 9 مئی کے واقعات میں شامل تھے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے ریاست کو جھکانے کے لیے لوگوں کو استعمال کیا، بانی پی ٹی آئی اور ان کے رشتے دار 9 مئی کے واقعات میں شامل تھے۔ایک بیان میں طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی خود کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں۔

بھارتی ہٹ دھرمی کے باعث گزشتہ 2 سال سے پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس نہیں ہوسکا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی ہٹ دھرمی کے باعث گزشتہ 2 سال سے پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس نہیں ہوسکا۔ذرائع نے بتایا کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت سال میں ایک بار پاک بھارت انڈس واٹر کمشنرز کا اجلاس ضروری ہے۔ذرائع کے مطابق پاکستان کے انڈس واٹر

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر48

ہائی کورٹ کا اشتہاری ملزم کی درخواست انٹرٹین کرنے پر اپنی ڈائری برانچ پر اظہارِ برہمی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اشتہاری ملزم کی درخواست انٹرٹین کرنے پر اپنی ڈائری برانچ پر اظہار برہمی کیا ہے۔عدالت عالیہ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے ڈائری برانچ کے نمائندے کو طلب کر کے انہیں سرزنش کیا۔اشتہاری ملزم اعظم خان نے اپنے خلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کی درخواست عدالت میں دائر کی تھی۔

جمعہ گل فاؤنڈیشن اسپتال میں پرچم کشائی کی تقریب 14 اگست کو ہوگی

پاک سرزمین کے حصول کے لیے لاکھوں لوگوں نے اپنی جان قربان کی، کریم خان

کراچی (این این آئی) جمعہ گل فاؤنڈیشن کی جانب سے یوم آزادی کے موقع پر 14 کو زیر تعمیر جمعہ گل فاؤنڈیشن اسپتال میں پرچم کشائی اور شجر کاری مہم کا آغاز کیا جائے گا۔اس ضمن میں جمعہ گل فاؤنڈیشن کے سیکرٹری کریم خان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ 14 اگست وہ تاریخی دن ہے جب برصغی